**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 30.05.2025**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | وزیراعظم فیلڈ مارشل کے ہمراہ کل کوئٹہ کا دورہ کرینگے۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | صحت کا نظام بہتر بنانے میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، قائمقام گورنر۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | وزیراعلیٰ کی زیرصدارت اجلاس ٹیکنالوجی، کالجز، سوشل ویلفیئر اور سمال انڈسٹریز کے تربیتی مراکز بی ٹویوٹا کے سپرد | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے جدوجہد جاری، شعیب نوشیروانی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | بلوچستان شدید خشک سالی کی لپیٹ میں ہے، سردار کھیتران۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | انسانی سمگلنگ کے حوالے سے آگاہی دینا ناگزیر ہے، راحیلہ درانی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | حلقہ انتخاب کے لیے ماسٹر پلان پر کام جاری ماڈل ضلع بنایا جائے گا، سردار ڈومکی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | ڈاکٹر قدیر خان نے ملکی دفاع ناقابل تسخیر بنایا، نورمحمد دمڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر حل اولین ذمہ داری ہے، نواب زادہ خالد مگسی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | تعلیم کی ترقی اور جدت کے لیے بھرپور کوشش کریں گے، بخت محمد کاکڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | وزیرخوراک کی ہدایت 30 ایکٹر اراضی پر کاشت مضرصحت سبزیاں تلف۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | پانی پاکستان کی ریڈ لائن ہے بلوچستان میں دہشتگرد فتنۃ الہندوستان ہیں بلوچوں سے کوئی تعلق نہیں، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | عوام کا معیارزندگی بلند کرنے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں، شکیل قادرخان چیف سیکرٹری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | عوامی پیسے کی حفاظت اولین ترجیح قومی خزانے کو نقصان پہنچانے والوں کو معاف نہیں کیا جائے گا، پی اے سی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | بلوچستان میں فورسز کی کاروائیاں فتنۃ الہندوستان کے پانچ دہشت گرد ہلاک، چیک پوسٹ پر حملے میں دو اہلکار شہید۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | ریکوڈک مائننگ کمپنی کی جانب سے کراچی میں پاکستان سپلائر روڈ شو کا انعقا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | عیدالاضحیٰ کی ایام میں عوام کی حفاظت یقینی بنائی جائے بلوچستان کانسٹیبلری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | عوام کے دلوں سے ہماری محبت کوئی ختم نہیں کرسکتا، سردار رند۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | پشتونوں کے وسائل پر قبضے کی کوشش کو عوامی حمایت سے ناکام بنائیں گے، پشتونخوامیپ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 20 | میں مفادات کی سیاست کرنے والے ہرحد عبور کرجاتے ہیں، مولانا واسع۔ | جنگ ودیگراخبارات |

**امن وامان:**

اوستہ محمد سیاہ کاری کے الزام میں خاتون قتل، ڈیرہ مراد جمالی ڈاکوؤں نے مسافر کو نقدی اور قیمتی سامان سے محروم کردیا، کھڈکوچہ میں فائرنگ سے مخبوط شخص جاں بحق، سرانان میں مسلح تصادم دو بھائیوں سمیت تین افراد جاں بحق، گوادر سرحدی علاقے میں مسلح افراد کا حملہ دو کوسٹ گارڈ جاں بحق۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**عوامی مسائل:**

شہر کو نوپارکنگ زون قرار دینے کے بعد پارکنگ کا بحران پیدا ہو گیا خریدار دکاندار پریشان، خاران میں طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف شہریوں کا احتجاج جی مظاہرہ۔

**مورخہ 30.05.2025**

**اداریہ:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے " **بلوچستان کا جغرافیہ تجارتی سرگرمیوں کیلئے اہمیت کا حامل** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے اقتصادی وتجارتی سرگرمیوں کا فروغ ضروری ہے۔ بلوچستان میں ملکی اور غیر ملکی کمپنیاں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر رہی ہیں حکومت بلوچستان کی جانب سے سرمایہ کاروں کو تمام ممکنہ سہولیات اور تعاون فراہم کیا جا رہا ہے۔ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال، دنیا کے بہترین محل وقوع پر مشتمل سرمایہ کاری وعالمی تجارت کیلئے موزوں خطہ ہے یہی عوامل بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے بنیاد فراہم کرتے ہیں، صوبائی حکومت بلوچستان میں سرمایہ کاری میں اضافے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، غیر ملکی سرمایہ کاران مواقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے یہاں صنعتوں کے قیام سمیت دیگر شعبوں کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرینگے تو یقیناً بلوچستان میں ترقی وخوشحالی کا خواب پورا ہوگا۔ بلوچستان حکومت صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے جس کے مثبت نتائج بھی سامنے آ رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں کان کنی، شمسی توانائی، آئل اینڈ گیس سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت قانونی تجارت کو فروغ دے رہی ہے اور اسمگلنگ کے خلاف سخت اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ گزشتہ دنوں کوئٹہ میں وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے وفد نے ملاقات کی۔

**اداریے:**

روزنامہ انتخاب کوئٹہ " **گرمی کی شدت میں اضافہ بجلی اور پانی غائب** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ میزان کوئٹہ " **لوکل گورنمنٹ کی مضبوطی حقیقی جمہوریت ہے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے " **جعفر جعفرآباد میں آبنوشی کی فراہمی اور ضلعی انتظامیہ کی معاونت** " کے عنوان سے اختر منگی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

گورنروزیراعلیٰ،وزراء

امن وامان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 30 MAY 2025 Page No. 1

# وزیراعظم فیلڈ مارشل کے ہمراہ کل کوئٹہ کا دورہ کرینگے

## وفاقی وزراء بھی وزیراعظم کے ہمراہ ہونگے، جرگہ میں شرکت کرینگے

### گورنراور وزیراعلیٰ اکین اسمبلی، قبائلی اور سیاسی عمائدین کو بھی مدعو کیا گیا

کوئٹہ(سٹی رپورٹر)وزیراعظم کا فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ہمراہ کل کوئٹہ کا دورہ، جرگے میں شرکت کریں گے جرگے میں گورنراور وزیراعلیٰ بلوچستان، صوبائی وزرا، اراکین اسمبلی، قبائلی اور سیاسی عمائدین کو بھی مدعو کیا گیا ہے وزیراعظم شہباز شریف ہفتے کو........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ہمراہ کوئٹہ کا ایک روزہ دورہ کریں گے، جہاں وہ جرگے میں شرکت کریں گے۔ مطابق وزیراعظم شہباز شریف ہفتے کو کوئٹہ کا ایک روزہ دورہ کریں گے، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وفاقی وزرا بھی کوئٹہ میں جرگے میں شرکت کریں گے۔ کوئٹہ میں ہونے والے جرگے میں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور صوبائی وزرا کو مدعو کیا گیا ہے۔ جرگے میں اراکین اسمبلی، قبائلی اور سیاسی عمائدین کو بھی مدعو کیا گیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 30 MAY 2025 Page No. 2

## صحت کا نظام بہتر بنانے میں غفلت برداشت نہیں کی جائیگی، قائمقام گورنر

**چمن کے عوام کو انکی دہلیز پر صحت کی سہولیات کی دستیابی یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ،(خ ن) قائمقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ چمن کے صحت کے نظام کو بہتر بنانے کے حوالے سے کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی۔ چمن کے عوام کی دہلیز پر صحت کی تمام ضروری سہولیات اور میڈیکل ایکویپمنٹس کی دستیابی کو یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔ قائمقام گورنر نے تمام متعلقہ افسران، ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل سٹاف کو خصوصی ہدایت کی کہ وہ اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی، باقاعدگی سے حاضری اور تندہی سے کارکردگی کو یقینی بنائیں۔ یہ بات انہوں نے گورنر ہاؤس میں ضلع چمن میں صحت کے نظام اور صحت کی سہولیات کی بہتری اور فراہمی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت مجیب الرحمان پانیزئی، سپیشل سیکرٹری شہک بلوچ، پی پی ایچ آئی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر حمید اللہ ناصر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عصمت اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ چمن ڈاکٹر راشد ناصر اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔ اس موقع پر قائمقام گورنر بلوچستان نے کہا کہ ہم محکمہ صحت کی مدد سے مانیٹرنگ میکنزم تیار کر رہے ہیں تاکہ آٹومیٹک پیش رفت اور احتساب کو یقینی بنایا جاسکے۔ چمن میں صحت کے چھوٹے بڑے مراکز کی پیشرفت کا جائزہ لینے اور احتساب کو یقینی بنانے کیلئے آنے والے سموار کی صبح ساڑھے دس بجے [illegible] باقاعدہ جائزہ اجلاس منعقد کیا [illegible]ے گا جس میں [illegible]لقہ ڈپٹی کمشنر کی شرکت کو بھی [illegible] بنایا جائے۔ جائزہ اجلاس میں قائمقام گورنر بلوچستان نے ذمہ دار افسران اور ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل سٹاف پر زور دیا کہ صوبائی سیکرٹری صحت کے اعلانیہ اور اچانک دوروں سے قطع نظر آپ اپنی مسلسل ڈیوٹی کے ذمہ دار ہیں کیونکہ آپ کے اپنے فرائض کی انجام دہی سے غریب عوام کی زندگی بہت آسانی ہوسکتی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## چمن میں صحت کا شعبہ بہتر بنانے میں غفلت قبول نہیں، قائم مقام گورنر

**عوام کو دہلیز پر تمام سہولیات پہنچانا اولین ترجیحات کا حصہ ہے، کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی**

**سیکرٹری صحت کے اعلانیہ سے قطع نظر آپ اپنی مسلسل ڈیوٹی کے ذمہ دار ہیں، افسران سے خطاب**

کوئٹہ (اے پی پی) قائمقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ چمن میں صحت کے نظام کو بہتر بنانے کے حوالے سے کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی چمن کے عوام کو دہلیز پر صحت کی ضروری سہولیات اور میڈیکل ایکویپمنٹس کی دستیابی یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہے قائمقام گورنر نے تمام متعلقہ افسران، ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل سٹاف کو خصوصی ہدایت کی کہ وہ اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی، باقاعدگی ......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

سے حاضری اور تندہی سے کارکردگی کو یقینی بنائیں یہ بات انہوں نے گورنر ہاؤس میں ضلع چمن میں صحت کے نظام اور صحت کی سہولیات کی بہتری اور فراہمی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی اجلاس میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت مجیب الرحمان پانیزئی، سپیشل سیکرٹری شہک بلوچ، پی پی ایچ آئی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر حمید اللہ ناصر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عصمت اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ چمن ڈاکٹر راشد ناصر اور دیگر حکام بھی موجود تھے اس موقع پر قائمقام گورنر بلوچستان نے کہا کہ ہم محکمہ صحت کی مدد سے مانیٹرنگ میکنزم تیار کر رہے ہیں تاکہ آٹومیٹک پیش رفت اور احتساب کو یقینی بنایا جاسکے۔ چمن میں صحت کے چھوٹے بڑے مراکز کی پیشرفت کا جائزہ لینے اور احتساب کو یقینی بنانے کیلئے آنے والے سوموار کی صبح ساڑھے دس بجے دوبارہ باقاعدہ جائزہ اجلاس منعقد کیا جائے گا جس میں متعلقہ ڈپٹی کمشنر کی شرکت کو بھی یقینی بنایا جائے۔ جائزہ اجلاس میں قائمقام گورنر بلوچستان نے ذمہ دار افسران اور ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل سٹاف پر زور دیا ک

حکومتی سرگرمیاں

سیاسی جماعتیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3


THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

BC-J-1 2841993-2842016-2841078

جلد 54 جمعۃ المبارک 2 ذوالحجہ 1446ھ 30 مئی 2025ء نمبر 148


## وزیراعلیٰ کی زیرصدارت اجلاس

# ٹیکنالوجی کالجز، سوشل ویلفیئر اور اسمال انڈسٹریز کے تربیتی مراکز بی ٹیوٹا کے سپرد

**بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن اور ٹریڈ ٹیسٹنگ بورڈ کا آپریشنل کنٹرول بھی بی ٹیوٹا کے زیر انتظام لایا جائے گا، اجلاس میں فیصلے**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے امور سے متعلق اجلاس یہاں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات، سیکریٹری خزانہ، سیکرٹری لیبر اور ایم ڈی بی ٹیوٹا سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت اجلاس کو متعلقہ حکام کی جانب سے بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی کے امور سے متعلق بریفنگ دی گئی اجلاس میں پولی ٹیکنیک اداروں، ٹیکنالوجی کالجز، سوشل ویلفیئر اور اسمال انڈسٹریز کے ٹریننگ مراکز کو محکمہ محنت و افرادی قوت کے زیر انتظام لاتے ہوئے بی ٹیوٹا کے حوالے کرنے کا فیصلہ کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن اور ٹریڈ ٹیسٹنگ بورڈ کا آپریشنل کنٹرول بھی بی ٹیوٹا کے زیر انتظام لایا جائے گا وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ اس حوالے سے لیگل فریم ورک میں ترامیم کو منظوری کے لیے کابینہ اجلاس میں پیش کیا جائے انہوں نے کہا کہ دیگر صوبے اپنے تمام تکنیکی اداروں کو ایک چھت کے تلے لا چکے ہیں اور یہاں بھی ضروری ہے کہ بلوچستان کے تمام تکنیکی اداروں کو بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی کے زیر انتظام لایا جائے تاکہ امور کے انجام دہی میں بہتری لائی جاسکے۔

# بلوچستان میں امن سبوتاژ کرنے والوں کو برداشت نہیں کیا جائیگا، سرفراز بگٹی

**لورالائی اور کیچ میں سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں بلوچستان میں جاری پائیدار امن کوششوں کا ثبوت ہیں، وزیر اعلیٰ**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے لورالائی اور کیچ میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ان کارروائیوں کو جرات مندانہ اور موثر قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ یہ کارروائیاں ریاستی اداروں کے عزم، پیشہ ورانہ مہارت اور بلوچستان میں پائیدار امن کے لیے جاری مسلسل کوششوں کا واضح ثبوت ہیں یہاں جاری ایک بیان میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ لورالائی میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن ریاست کی رٹ بحال کرنے کی ایک مضبوط علامت ہے، جبکہ کیچ میں کی گئی کارروائی سیکیورٹی اداروں کی غیر معمولی مہارت اور تیاری کی مظہر ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کو سبوتاژ کرنے والے عناصر کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں امن دشمن عناصر کا انجام قریب ہے اور حکومت ان کے مکمل خاتمے کے لیے ہر سطح پر متحرک ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان، پاک فوج اور دیگر ریاستی ادارے ایک پیج پر ہیں اور دہشتگردی کے ناسور کے خلاف بھرپور جنگ جاری رہیں گیانہوں نے کہا کہ قوم اپنے محافظوں کے ساتھ کھڑی ہے اور دشمن عناصر اب مایوسی اور شکست کا شکار ہو چکے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ بلوچستان میں قیام امن حکومت کی اولین ترجیح ہے، اور اس مشن میں ریاستی اداروں کا کردار قابل تحسین ہے وزیر اعلیٰ نے سیکیورٹی فورسز کو شاندار کارکردگی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ امن، ترقی اور خوشحالی ہی ہمارا ہدف ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا۔



وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی بلوچستان یوتھ پالیسی کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں




کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان یوتھ پالیسی کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی سے پشتونخوا نیپ کے صدر نصر اللہ زیرے کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

روزنامہ جنگ
بانی : میر خلیل الرحمن

جمعہ 2 ذوالحجہ 1446ھ 30 مئی 2025ء

Bullet No. 1

Page No. 6

# بلوچستان اسمبلی: لیویز کو ختم کرنے کے لیٹر پر احتجاج، واک آؤٹ

## اپوزیشن کو ہماری بات سنی چاہیے تھی، وزیراعلیٰ

ہماری قراردادوں اور مراسلہ پر کوئی عملدرآمد نہیں ہوتا لیکن فاٹا کے ایک سابق رکن قومی اسمبلی کے لیٹر پر فوری عمل کیا جاتا ہے، اپوزیشن ارکان کا موقف

حکومت اپنے فیصلے خود کر رہی ہے، سردار کھیتران۔ جون میں اپوزیشن اکثر ایسا کرتی ہے، سرفراز بگٹی، واک آؤٹ کے باعث قراردادیں، توجہ دلاؤ نوٹس موخر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن کا فاٹا کے ایک سابق رکن قومی اسمبلی کی جانب سے وزیراعظم کے نام بلوچستان سے لیویز ختم کرنے کے لئے لیٹر ارسال کرنے پر احتجاج اور ایوان سے واک آؤٹ یا گیا، اپوزیشن ارکان کا موقف ہے کہ ہماری قراردادوں اور مراسلہ پر کوئی عملدرآمد نہیں ہوتا لیکن فاٹا کے ایک سابق رکن قومی اسمبلی کے لیٹر پر فوری عمل ہوتا ہے، وزیراعلیٰ کا موقف تھا کہ واک آؤٹ سے پہلے اپوزیشن کو ہماری بات سنی چاہیے تھی، بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعرات کو سوا گھنٹے کی تاخیر سے ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی زیرصدارت شروع ہوا، اجلاس میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ فاٹا کے ایک سابق رکن قومی اسمبلی کے لیٹر پر بلوچستان سے لیویز فورس کو ختم کیا جا رہا ہے، مذکورہ سابق رکن قومی اسمبلی نے یہ لیٹر وزیراعظم کو لکھا ہے جس پر وزیراعظم نے چیف سیکرٹری کو لیویز کو ختم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ہماری قراردادوں اور مراسلہ پر کوئی عملدرآمد نہیں ہوتا لیکن فاٹا کے ایک سابق رکن قومی اسمبلی کے لیٹر پر فوری عمل ہوتا ہے۔ نیشنل پارٹی کے رکن رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ صوبے میں انسداد دہشت گردی کے لئے سی ٹی ڈی ہے اس کے بارے میں کوئی بات نہیں کرتا، فاٹا کا ایک سابق ایم این اے ہمارے صوبے سے لیویز کو ختم کرنیوالا کون ہوتا ہے، جب فاٹا کے ایک سابق ایم این اے کے کہنے پر یہ کچھ ہو رہا ہے تو ہمارے اسمبلی میں بیٹھنے کا کیا فائدہ ہے۔ جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کی تقدیر کے فیصلے صوبے سے باہر والے کر رہے ہیں، ہم سب کو اس معاملے پر وزیراعظم سے احتجاج کرنا چاہیے، بلوچستان اسمبلی کی قراردادوں پر تو وزیراعظم ایکشن نہیں لیتے لیکن فاٹا کے ایک سابق رکن قومی اسمبلی کے لیٹر پر عمل بھی کیا جاتا ہے۔ جمعیت علماء اسلام کے رکن زابد علی ریکی نے کہا کہ وفاق نے بلوچستان کو کیا دیا ہے، بعد ازاں اپوزیشن اراکان نے فاٹا کے سابق ایم این اے کے لیٹر پر ایوان سے واک آؤٹ کیا۔ صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ صوبائی حکومت اپنے فیصلے خود کر رہی ہے، لیٹر تو ہم سب کے پاس آتے ہیں ہم ان پر ریمارکس لکھ دیتے ہیں، صوبے کے تین اضلاع کی لیویز کو پولیس میں تبدیل کرنے کا فیصلہ وزیراعلیٰ بلوچستان کا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جون کا مہینہ قریب آتے ہی اپوزیشن اکثر واک آؤٹ کرتی ہے، اپوزیشن کو ہماری بات سنی چاہیے تھی۔ ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ نے اپوزیشن ارکان کے واک آؤٹ کے باعث جمعیت علما اسلام کے رکن فضل قادر مندوخیل کی آر ایچ سی قمر دین کاریز کو تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال کا درجہ دینے، نیشنل پارٹی کے رحمت صالح بلوچ کی صوبہ کے اسکولوں میں مادری زبانیں پڑھانے کیلئے نئی اسامیاں تخلیق اور مادری زبانوں کی درس و تدریس کا عمل جلد شروع کرنے، جماعت اسلامی کے ہدایت الرحمن بلوچ کی دینی مدارس کے طلباء کو سرکاری محکموں میں یکساں مواقع فراہم کرنے سے متعلق الگ الگ قراردادیں، جماعت اسلامی کے رکن ہدایت الرحمن بلوچ کی زمینوں کی الاٹ منٹ اور جمعیت علما اسلام کے رکن زابد علی ریکی کی سبزل روڈ تا ائیرپورٹ روڈ کی براستہ کلی گل محمد توسیع پر کام نہ ہونے سے متعلق الگ الگ توجہ دلاؤ نوٹسز موخر کر دیئے۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری فشریز برکت بلو نے کہا کہ مکران میں غیر قانونی ٹرالنگ کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں۔ جماعت اسلامی کے رکن اسمبلی پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے زمینداروں کیلئے کسان کارڈ کا جلد اجرا کیا جائے، نصیرآباد اور جعفرآباد کے زمینداروں کی فصلوں میں نقصان کے باعث حالت یہ ہے کہ ان کے پاس بیج خریدنے کیلئے بھی پیسے نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان زمینداروں کی حالت پر خصوصی توجہ دیں۔ بعد ازاں اسمبلی کا اجلاس 31 مئی کی صبح دس بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PU
RELATIONS BALOC

نظامت اعلیٰ تعلقات ع
حکومت بلوچستا

Bullet No. 1

Page No. 8

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | جمعہ 02 ذوالحج 1446ھ 30 مئی 2025ء صفحات 08 | شمارہ 332

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

# امن دشمن عناصر کا انجام قریب ہے بلوچستان کے مایوس نوجوانوں کو قومی دھارے میں لائینگے وزیراعلیٰ

## بلوچستان یوتھ پالیسی کا باقاعدہ آغاز کردیا ہے، آج بلوچستان کے شہدا کی روح کو بھی سکون مل رہا ہوگا، صوبے میں جن لوگوں نے بھی نوجوانوں کے بہتر مستقبل کے لئے کام کیا انکی کاوشیں قابل تحسین ہیں

## بلوچستان کے تمام تکنیکی اداروں کو بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی کے زیرانتظام لایا جائے، یونیورسٹیوں میں تنخواہوں میں تفریق ختم کرنے کے لئے سیلریز میں یکسانیت لائی جائے گی

## وزیراعلیٰ کی زیرصدارت (بی ٹیوٹا) کے امور سے متعلق اجلاس، صوبے کی مختلف جامعات کے وائس چانسلرز کی ملاقات، میر سرفراز بگٹی کا دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مایوس نوجوانوں کو واپس ترقی اور درست راہ پر لانا حکومت کی اولین ترجیح ہے. جس کے لے یوتھ پالیسی کا اجرا کیا جارہا ہے انکی ہر ضرورت کو پورا کیا جائے گا وزیر اعلی بلوچستان سرفراز بگٹی نے بلوچستان یوتھ پالیسی کا باقاعدہ آغاز کردیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ گزشتہ پانچ سالوں سے نوجوانوں کے لئے سوچا جارہا تھا آج بلوچستان کے شہدا کی روح کو بھی سکون مل رہا ہوگا صوبے میں. جس نے بھی نوجوانوں کے بہتر مستقبل کے لئے کام کیا انکی کاوشین قابل تحسین ہیں حکومت نے حالات سے مایوس نوجوانوں کو واپس ترقی اور درست راستے پر لانے......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کے لئے یوتھ پالیسی لانے کا فیصلہ کیا مشکلات کے باوجود اس عمل کو رکنے نہیں دیا گیا یوتھ پالیسی جن تیرہ محکموں کے ساتھ ملکر تیار کی جارہی ہے دو ہفتوں میں انکے فوکل پرسن مقرر کردیے جائیں گے یوتھ پالیسی کو گراس روٹ لیول تک لے جایا جائے گا اور کسی صورت یوتھ پالیسی کو ضائع نہیں ہونے دینگے ۔دریں اثناءوزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے لورالائی اور کچ میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ان کارروائیوں کو جرات مندانہ اور مؤثر قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ یہ کارروائیاں ریاستی اداروں کے عزم، پیشہ ورانہ مہارت اور بلوچستان میں پائیدار امن کے لیے جاری مسلسل کوششوں کا واضح ثبوت ہیں یہاں جاری ایک بیان میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ لورالائی میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن ریاست کی رٹ بحال کرنے کی ایک مضبوط علامت ہے، جبکہ کچ میں کی گئی کارروائی سیکیورٹی اداروں کی غیر معمولی مہارت اور تیاری کی مظہر ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کو سبوتاژ کرنے والے عناصر کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں امن دشمن عناصر کا انجام قریب ہے اور حکومت ان کے مکمل خاتمے کے لیے ہر سطح پر متحرک ہے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان، پاک فوج اور دیگر ریاستی ادارے ایک پیج پر ہیں اور دہشتگردی کے ناسور کے خلاف بھرپور جنگ جاری رکھیں گیانہوں نے کہا کہ قوم اپنے محافظوں کے ساتھ کھڑی ہے اور دشمن عناصر اب مایوسی اور شکست کا شکار ہو چکے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ بلوچستان میں قیام امن حکومت کی اولین ترجیح ہے، اور اس مشن میں ریاستی اداروں کا کردار قابل تحسین ہے وزیر اعلیٰ نے سیکیورٹی فورسز کو شاندار کارکردگی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ امن، ترقی اور خوشحالی ہی ہمارا ہدف ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا۔

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے امور سے متعلق اجلاس یہاں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں مشیر برائے محنت وافرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکریٹری منصوبہ بندی و ترقیات، سیکریٹری خزانہ، سیکرٹری لیبر اور ایم ڈی بی ٹیوٹا سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت اجلاس کو متعلقہ حکام کی جانب سے بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی کے امور سے متعلق بریفنگ دی گئی اجلاس میں پولی ٹیکنیک اداروں، ٹیکنالوجی کالجز، سوشل ویلفیئر اور اسمال انڈسٹریز کے ٹریننگ مراکز کو محکمہ محنت......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

وافرادی قوت کے زیر انتظام لاتے ہوئے بی ٹیوٹا کے حوالے کرنے کا فیصلہ کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن اور ٹریڈ ٹیسٹنگ بورڈ کا آپریشنل کنٹرول بھی بی ٹیوٹا کے زیر انتظام لایا جائے گا وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ اس حوالے سے لیگل فریم ورک میں ترامیم کو منظوری کے لیے کابینہ اجلاس میں پیش کیا جائے انہوں نے کہا کہ دیگر صوبے اپنے تمام تکنیکی اداروں کو ایک چھت کے تلے لا چکے ہیں اور یہاں بھی ضروری ہے کہ بلوچستان کے تمام تکنیکی اداروں کو بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی کے زیر انتظام لایا جائے تاکہ امور کے انجام دہی میں بہتری لائی جا سکے۔ دریں اثناءوزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کی سربراہی میں صوبے کے مختلف جامعات کے وائس چانسلرز نے یہاں ملاقات کی اس دوران یونیورسٹیوں کے مالی اور انتظامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ یونیورسٹیوں میں تنخواہوں میں تفریق ختم کرنے کے لئے سیلریز میں یکسانیت لائی جائے گی اور غیر ضروری معاون اسٹاف کی بھرتی کی حوصلہ شکنی کرتے ہوئے اسے ختم کیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور جامعات میں غیر ضروری شعبوں کی بجائے دور حاضر سے ہم آہنگ جدید شعبوں کی ترویج کی جائے اور جامعات کے ریونیو کو بڑھانے کے لیے عملی اقدامات بھی کیے جائیں

علوی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6


Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد




وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان یوتھ پالیسی کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو میر قمبر دشتی ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی کی سربراہی میں مختلف جامعات کے وائس چانسلرز ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے سابق رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ زیرے کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 167 | جمعۃ المبارک، 2 ذوالحج، 30 مئی 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# بلوچستان کے نوجوانوں کو یوتھ پالیسی کے ذریعے یکجا کرینگے سرفراز بگٹی

## صوبے میں امن کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں، دشمن کی ہر سازش کو ناکام بنانے کیلئے پوری قوم متحد ہے

## پالیسیوں پر عملدر آمد بہت بڑا چیلنج ہوتا ہے، صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی کی افتتاحی تقریب سے وزیر اعلیٰ کا خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی کا باقاعدہ افتتاح کرتے ہوئے کہا ہے کہ یوتھ پالیسی بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے ایک بہترین قدم ہے، یہ بات انہوں نے گزشتہ روز بلوچستان یوتھ پالیسی کے افتتاح کے موقع (باقی صفحہ 5 نمبر 52

پر وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی، صوبائی وزرا سلیم کھوسہ، بخت محمد کاکڑ، مینا مجید بلوچ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر ودیگر بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوتھ پالیسی بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے ایک بہترین قدم ہے، یہ ایک ایسا پروگرام ہے جس کی پورے پاکستان کو ضرورت تھی، انہوں نے کہا کہ پالیسیاں بنانا آسان کام ہے، لیکن ان پر عملدرآمد ایک بڑا چیلنج ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن کے لئے ہر ممکن اقدامات کررہے ہیں، دشمن کی ہر سازش ناکام بنانے کے لئے قوم متحد ہے، قومی مفاد کے لئے پاکستان کے عوام ایک پیج پر ہیں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان یوتھ پالیسی کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر اور سابق رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ خان زیرے کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کی سربراہی میں صوبے کی مختلف جامعات کے وائس چانسلرز ملاقات کررہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو بی ٹیوٹا کے امور سے متعلق جائزہ اجلاس میں بریفنگ دی جارہی ہے

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Bullet No. 1
Page No. 8

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر ایل/ایم I-4
قیمت 30 روپے
صفحات
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com,
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | بروز جمعۃ المبارک 30 مئی 2025ء بمطابق 2 ذی الحجہ 1446ھ | شمارہ نمبر 148

بلوچستان یوتھ پالیسی کا باقاعدہ آغاز

# اپوزیشن کا احتجاج جون کے مہینے کا نتیجہ ہے

میر سرفراز بگٹی


## مایوس نوجوانوں کو واپس ترقی اور درست راہ پر لانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، کسی صورت یوتھ پالیسی کو ضائع ہونے نہیں دینگے، وزیراعلیٰ

### جون کے مہینے میں اپوزیشن کی جانب سے اس طرح کے احتجاج ہوتے ہیں، اسمبلی میں اظہار خیال، لورالائی اور کیچ میں فورسز کی کامیاب کاروائیوں پر اظہار اطمینان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مایوس نوجوانوں کو واپس ترقی اور درست راہ پر لانا حکومت کی اولین ترجیح ہے جس کے لے یوتھ پالیسی کا اجرا کیا جارہا ہے انکی ہر ضرورت کو پورا کیا جاے گا وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے بلوچستان یوتھ پالیسی کا باقاعدہ آغاز کردیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ گزشتہ پانچ سالوں سے نوجوانوں کے لئے سوچا جارہا تھا آج بلوچستان کے شہدا کی روح کو بھی سکون مل رہا ہوگا صوبے میں جس نے بھی نوجوانوں کے بہتر مستقبل کے لئے کام کیا انکی کاوشیں قابل تحسین ہیں حکومت نے حالات سے مایوس نوجوانوں کو واپس ترقی اور درست راستے پر لانے کے لئے یوتھ پالیسی لانے کا فیصلہ کیا مشکلات کے باوجود اس عمل کو رکنے نہیں دیا گیا یوتھ پالیسی جن تیرہ محکموں کے ساتھ ملکر تیار کی جارہی ہے دو ہفتوں میں انکے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 5 پر

فوکل پرسن مقرر کردیے جائیں گے یوتھ پالیسی کو گراس روٹ لیول تک لے جایا جاے گا اور کسی صورت یوتھ پالیسی کو ضائع نہیں ہونے دینگے۔ بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں وزیراعلیٰ سمیت حکومت ارکان نے اپوزیشن کے احتجاج کو جون کے مہینے کا نتیجہ قرار دے دیا۔ جمعرات کو بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی زیر صدارت ایک گھنٹہ 15 منٹ کی تاخیر سے شروع ہوا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جون کے مہینے میں اپوزیشن کی جانب سے اسطرح کے احتجاج ہوتے ہیں انہوں نے کہا کہ ڈپٹی اسپیکر ایوان کی کاروائی کو آگے چلائیں اگر کوئی رکن نہ ہو تو اسکا ایجنڈا موخر یا نمٹا دیا جاتا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے لورالائی اور کیچ میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ان کارروائیوں کو جرات مندانہ اور موثر قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ یہ کارروائیاں ریاستی اداروں کے عزم، پیشہ ورانہ مہارت اور بلوچستان میں پائیدار امن کے لیے جاری مسلسل کوششوں کا واضح ثبوت ہیں یہاں جاری ایک بیان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ لورالائی میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن ریاست کی رٹ بحال کرنے کی ایک مضبوط علامت ہے، جبکہ کیچ میں کی گئی کارروائی سیکیورٹی اداروں کی غیر معمولی مہارت اور تیاری کی مظہر ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کو سبوتاژ کرنے والے عناصر کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں امن دشمن عناصر کا انجام قریب ہے اور حکومت ان کے مکمل خاتمے کے لیے ہر سطح پر متحرک ہے۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان یوتھ پالیسی کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری مختلف امور پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ


بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 جمعہ 30 مئی 2025ء بمطابق 02 ذی الحجہ 1446ھ قیمت 20 روپے شمارہ نمبر-147


# وزیراعلیٰ بلوچستان نے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی کا باقاعدہ افتتاح کردیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے کی پہلی یوتھ پالیسی کا باقاعدہ افتتاح کرتے ہوئے کہا ہے کہ یوتھ پالیسی بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے ایک بہترین قدم ہے، یہ بات انہوں نے جمعرات کے روز بلوچستان یوتھ پالیسی کے افتتاح کے موقع پر وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی، صوبائی وزراء سلیم کھوسہ، بخت محمد کاکڑ، مینا مجید بلوچ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر و دیگر بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوتھ پالیسی بلوچستان کے نوجوانوں (بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 2 پر)

کے لیے ایک بہترین قدم ہے، یہ ایک ایسا پروگرام ہے جس کی پورے بلوچستان کو ضرورت تھی، انہوں نے کہا کہ پالیسیاں بنانا آسان کام ہے، لیکن ان پر عملدرآمد ایک بڑا چیلنج ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پالیسی کو چھ ماہ قبل لانچ ہونا تھا، تاہم مختلف مشکلات کے باعث تاخیر ہوئی اس پالیسی پر عملدرآمد کے لیے پی ایس ڈی پی میں جتنا فنڈ درکار ہوگا فراہم کریں گے، انہوں نے کہا کہ صوبے کے تمام ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹس کو ٹیوٹا کے تحت کردیا گیا ہے تاکہ نوجوانوں کو جدید اور معیاری فنی تعلیم فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان ہمارے مستقبل ہیں، نوجوانوں کو یوتھ پالیسی کے ذریعے یکجا کرینگے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں، دشمن کی ہر سازش ناکام بنانے کے لئے قوم متحد ہے، قومی مفاد کے لئے پاکستان کے عوام ایک پیج پر ہیں۔




کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان یوتھ پالیسی کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 10

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی
اکرام اللہ خان

جلد 29 جمعہ 30 مئی 2025ء بمطابق 02 ذوالحجہ 1446ھ قیمت 20 روپے شمارہ 147

## نوجوانوں کو ریاست سے جوڑنے والی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے، سرفراز بگٹی

### وزیر تعلیم کی سربراہی میں جامعات کے وی سیز کی ملاقات، ملازمین کی تنخواہوں میں یکسانیت لانے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کی سربراہی میں صوبے کے مختلف جامعات کے وائس چانسلرز نے یہاں ملاقات کی اس دوران یونیورسٹیوں کے مالی اور انتظامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ یونیورسٹیوں میں تنخواہوں میں تفریق ختم کرنے کے لئے سیلریز میں یکسانیت لائی جائے گی اور غیر ضروری معاون اسٹاف کی بھرتی کی حوصلہ شکنی کرتے ہوئے اسے ختم کیا جائے گا وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور جامعات میں غیر ضروری شعبوں کی بجائے دور حاضر سے ہم آہنگ جدید شعبوں کی ترویج کی جائے اور جامعات کے ریونیو کو بڑھانے کے لئے عملی اقدامات بھی کئے جائیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ نوجوانوں کی بہترین تربیت کے لئے جامعات میں غیر نصابی سرگرمیاں بڑھائی جائیں انہوں نے کہا کہ اساتذہ کا درجہ بہت بڑا ہے اور وہ قوم اور نوجوانوں کی رہنمائی کرتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ یونیورسٹیوں میں ایسے غیر نصابی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے جس سے نوجوان ریاست سے جڑے انہوں نے کہا کہ صرف عمارت تعمیر کرنے سے بہتری نہیں آتی بلکہ بہترین تدریسی عمل ہی کامیابی کا باعث بنتی ہے ملاقات میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن صالح بلوچ وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان اور سیکرٹری خزانہ عمران زرکون سمیت جامعات کے وائس چانسلرز نے شرکت کی۔


## وزیراعلیٰ کی تمام تیکنیکی اداروں کو بی ٹیوٹا کے زیر انتظام لانے کی ہدایت

### اس حوالے سے لیگل فریم ورک میں ترامیم کو منظوری کیلئے کابینہ اجلاس میں پیش کیا جائے


کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے امور سے متعلق اجلاس یہاں وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات، سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری لیبر اور ایم ڈی بی ٹیوٹا سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت اجلاس کو متعلقہ حکام کی جانب سے بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی کے امور سے متعلق بریفنگ دی گئی اجلاس میں پولی ٹیکنیک اداروں، ٹیکنالوجی کالجز، سوشل ویلفیئر اور اسمال انڈسٹریز کے ٹریننگ مراکز کو محکمہ محنت و افرادی قوت کے زیر انتظام لاتے ہوئے بی ٹیوٹا کے حوالے کرنے کا فیصلہ کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن اور ٹریڈ ٹیسٹنگ بورڈ کا آپریشنل کنٹرول بھی بی ٹیوٹا کے زیر انتظام لایا جائے گا وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ اس حوالے سے لیگل فریم ورک میں ترامیم کو منظوری کے لیے کابینہ اجلاس میں پیش کیا جائے انہوں نے کہا کہ دیگر صوبے اپنے تمام تکنیکی اداروں کو ایک چھت کے نیچے لا چکے ہیں اور یہاں بھی ضروری ہے کہ بلوچستان کے تمام تکنیکی اداروں کو بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی کے زیر انتظام لایا جائے تاکہ امور کے انجام دہی میں بہتری لائی جا سکے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان یوتھ پالیسی کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان یوتھ پالیسی کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی کی قیادت میں مختلف جامعات کے وائس چانسلرز ملاقات کر رہے ہیں

DAILY ZAMANA
روزنامہ زمانہ کوئٹہ
بانی: سید فصیح اقبال
چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین
جلد 80 | جمعہ 30 مئی 2025ء 2 ذوالحجہ 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 148

وزیر اعلیٰ بلوچستان

# ...ٹیلنٹ کو ضائع نہیں ہونے دینگے

...رٹمنٹ کے ماتحت کرینگے نوجوانوں کے لیے روزگار مواقع سمیت دیگر باہر ممالک بھی بھجوائے جارہے ہیں

...نے کے لئے سیلریز میں یکسانیت لائی جائے گی، میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلہ

...نیکل ایجوکیشن ادارے ... کے ماتحت کرینگے ...واقع سمیت دیگر باہر ممالک بھی بھجوائے جارہے ہیں بلوچستان میں جو ٹیلنٹ ہیں وہ کہیں اور نہیں ہے صوبے کے ٹیلنٹ کو ضائع نہیں کرینگے ان کو سپورٹ کرنے کیلئے ہر ممکن تعاون اور کوشش کریں گے یوتھ پالیسی بنانے میں جمال رئیسانی اور مینا مجید کا اہم کردار ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان یوتھ پالیسی کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا' اس موقع پر تقریب میں وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، رکن قومی اسمبلی جمال رئیسانی، مختلف محکموں کے وزراء بھی شریک تھے' تقریب تقریب میں سیکرٹری کھیل درا بلوچ ڈی جی یاسر بازئی سمیت مختلف این جی او کی خواتین بھی شریک تھے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو یوتھ پالیسی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی' وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یوتھ پالیسی بنانے میں جمال رئیسانی اور مینا مجید کا اہم کردار ہے بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے یوتھ پالیسی بہت ضروری تھی فیصلہ کیا ہے کہ جتنے ٹیکنیکل ایجوکیشن ادارے ہیں انہیں ایک ڈیپارٹمنٹ کے ماتحت کرینگے یوتھ پالیسی سے بہت امیدیں ہیں انہوں نے کہا کہ یوتھ پالیسی وزیراعلیٰ کی سربراہی میں کام کرے گی پالیسی بنانے میں بہت سے مشکلات کا سامنا رہا ہے یوتھ پالیسی بنانے میں جس جس نے کردار ادا کیا انکا شکر گزار ہوں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے یوتھ پالیسی بہت ضروری تھی، فیصلہ کیا ہے کہ جتنے ٹیکنیکل ایجوکیشن ادارے ہیں انہیں ایک ڈیپارٹمنٹ کے ماتحت کرینگے نوجوانوں کے لیے روزگار مواقع سمیت دیگر باہر ممالک بھی بھجوائے جارہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان یوتھ پالیسی کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں

بلوچستان میں جو ٹیلنٹ ہیں وہ نہیں اور نہیں ہے صوبے کے ٹیلنٹ کو ضائع نہیں کرینگے انہوں نے کہا کہ یوتھ پالیسی اصل مقصد یہ بھی ہے کہ ہمارا نوجوان جو اس وقت ملک دشمن عناصر استعمال کررہے ہیں ان کو اپنا حقوق اور ملک کے وفادار بنانے کا بھی یہی کوشش ہے امید ہے کہ اس طرح پالیسی سے نوجوان نسل ملک کے استحکام اور ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کریگی یہ ایک اچھی پالیسی ہے جو نوابزادہ جمال رئیسانی کے کوشش سے مکمل ہوئی اور اس سے قبل ان کے شہید والد سراج رئیسانی نے بھی یوتھ پالیسی پر کام کیا ہم آج اس پروگرام کی توسط سے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند کریں اور ان کا جو شن تھا ان کے بیٹے اور اس کے بھائی جو میرے صورت میں ہے توفیق دیں۔ دریں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کی سربراہی میں صوبے کے مختلف جامعات کے وائس چانسلرز نے یہاں ملاقات کی اس دوران یونیورسٹیوں کے مالی اور انتظامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ یونیورسٹیوں میں تنخواہوں میں تفریق ختم کرنے کے لئے سیلریز میں یکسانیت لائی جائے گی اور غیر ضروری معاون اسٹاف کی بھرتی کی حوصلہ شکنی کرتے ہوئے اسے ختم کیا جائے گا وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور جامعات میں غیر ضروری شعبوں کی بجائے دور حاضر سے ہم آہنگ جدید شعبوں کی ترویج کی جائے اور جامعات کے ریونیو کو بڑھانے کے لئے عملی اقدامات بھی کئے جائیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ نوجوانوں کی بہترین تربیت کے لئے جامعات میں غیر نصابی سرگرمیاں بڑھائی جائیں انہوں نے کہا کہ اساتذہ کا درجہ بہت بڑا ہے اور وہ قوم اور نوجوانوں کی رہنمائی کرتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ یونیورسٹیوں میں ایسے غیر نصابی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے جس سے نوجوان ریاست سے جڑے انہوں نے کہا کہ صرف عمارت تعمیر کرنے سے بہتری نہیں آتی بلکہ بہترین تدریسی عمل ہی کامیابی کا باعث بنتی ہے ملاقات میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن صالح بلوچ وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان اور سیکرٹری خزانہ عمران زرکون سمیت جامعات کے وائس چانسلرز نے شرکت کی۔ مزید وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے امور سے متعلق اجلاس یہاں وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکریٹری منصوبہ بندی و ترقیات، سیکریٹری خزانہ، سیکرٹری لیبر اور ایم ڈی بی ٹیوٹا سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت اجلاس کو متعلقہ حکام کی جانب سے بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی کے امور سے متعلق بریفنگ دی گئی اجلاس میں پولی ٹیکنیک اداروں، ٹیکنالوجی کالجز، سوشل ویلفیئر اور اسمال انڈسٹریز کے ٹریننگ مراکز کو محکمہ محنت و افرادی قوت کے زیر انتظام لاتے ہوئے بی ٹیوٹا کے حوالے کرنے کا فیصلہ کیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن اور ٹریڈ ٹیسٹنگ بورڈ کا آپریشنل کنٹرول بھی بی ٹیوٹا کے زیر انتظام لایا جائے گا وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ اس حوالے سے لیگل فریم ورک میں ترامیم کو منظوری کے لیے کابینہ اجلاس میں پیش کیا جائے انہوں نے کہا کہ دیگر صوبے اپنے تمام تکنیکی اداروں کو ایک چھت کے تلے لاچکے ہیں اور یہاں بھی ضروری ہے کہ بلوچستان کے تمام تکنیکی اداروں کو بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل اتھارٹی کے زیر انتظام لایا جائے تاکہ امور کے انجام دہی میں بہتری لائی جاسکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

12

Balochistan Time

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1114 QUETTA Friday May 30, 2025 / Dhul Hijjah 02, 1446

# Bugti emphasizes merit, modernization, and financial prudence in universities



**Staff Report**

QUETTA: The Balochistan government has decided to bring all polytechnic institutes, technology colleges, social welfare training centers, and small industries training institutions under the Department of Labour and Manpower. These institutions will be administratively transferred to B-TEVTA to ensure centralized and efficient management.

Additionally, the Board of Technical Education and the Trade Testing Board will also be brought under the operational control of B-TEVTA. This move is expected to streamline the governance and standardization of technical education and vocational training across the province.

A high-level meeting chaired by Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti was held on Thursday at the Chief Minister's Secretariat to review and reform the affairs of the Balochistan Technical Education and Vocational Authority (B-TEVTA).

The meeting was attended by Advisor on Labour and Manpower Sardar Ghulam Rasool Umrani, Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan, Additional Chief Secretary for Planning and Development, Secretary Finance, Secretary Labour, Managing Director of B-TEVTA, and other senior officials.

Officials briefed the participants on the current structure and operations of B-TEVTA, highlighting areas for improvement and strategic integration.

Chief Minister Bugti directed that the necessary amendments to the legal framework be prepared and submitted for approval in the upcoming cabinet meeting. Emphasizing the need for integration, he stated, "Other provinces have already unified their technical education systems under a single authority. It is imperative for Balochistan to do the same to enhance coordination.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 30 MAY 2025 Page No. 13


## بلوچستان شدید خشک سالی کی لپیٹ میں ہے، سردار کھیتران

**زیر زمین پانی کی سطح خطرناک حد تک نیچے جا چکی ہے اور صوبے کے متعدد ڈیم خشک ہو رہے ہیں**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ پاکستان اور بلوچستان کو ہر قسم کی قدرتی آفات سے محفوظ رکھے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال بلوچستان شدید خشک سالی کی لپیٹ میں ہے، زیر زمین پانی کی سطح خطرناک حد تک نیچے جا چکی ہے، اور صوبے کے متعدد ڈیم خشک ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض علاقوں میں پینے کے پانی کی شدید قلت پیدا ہو چکی ہے، جس سے عوام کو مشکلات کا سامنا ہے۔ قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (PDMA) پوری طرح متحرک اور فعال ہے جبکہ صوبائی حکومت بھی مکمل طور پر الرٹ ہے۔ ایک سوال کے جواب میں سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ جمہوریت میں واک آؤٹ معمول کا حصہ ہوتا ہے۔ کبھی اپوزیشن ہم پر تنقید کرتی ہے اور کبھی ہم اُن پر تنقید کرتے ہیں، لیکن یہ جمہوری عمل کا حسن ہے۔ اپوزیشن والے ہمارے سیاسی حریف ضرور ہیں، مگر وہ بھی ہمارے دوست اور عوام کے منتخب نمائندے ہیں۔ جتنی اہمیت حکومتی بنچوں کو حاصل ہے، اتنی ہی اہمیت اپوزیشن بنچوں کو بھی حاصل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ڈی ایم اے متحرک ہے اور صوبائی حکومت قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے ہر سطح پر تیار ہے۔ قدرتی آفات کی کوئی پیشگی گارنٹی ممکن نہیں، تاہم حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت اور موثر انداز میں نمٹا جا سکے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ پاکستان اور بلوچستان کو ہر قسم کی آفات سے محفوظ رکھے۔ ایک اور سوال کے جواب میں صوبائی وزیر نے کہا کہ حکومت کو متعدد چیلنجز کا سامنا ہے، تاہم موجودہ حکومت کو قائم ہوئے ابھی صرف ایک سال ہوا ہے۔ بہت جلد عوام کو کوئٹہ کے بازاروں میں ماضی کی رونقیں دوبارہ نظر آئیں گی۔ صوبائی حکومت بہتر نتائج دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں بعض مافیاز نے بغیر منصوبہ بندی کے ہائی رائز بلڈنگز تعمیر کیں، جو شہر اور صوبے کے ساتھ ناانصافی تھی۔ اب حکومت کے پاس باقاعدہ ماسٹر پلان موجود ہے، جس پر عملدرآمد شروع ہو چکا ہے۔ ان شاء اللہ کوئٹہ شہر میں جلد واضح تبدیلیاں نظر آئیں گی۔

## انسانی اسمگلنگ کے حوالے سے آگاہی دینا ناگزیر ہے، راحیلہ درانی

**مکالماتی اجلاس سے نعیم بازئی، لیاقت لہڑی، سردار عالم بزنجو، کمشنر کوئٹہ حمزہ شفقات کا خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے کہا ہے کہ انسانی اسمگلنگ کے حوالے سے قوانین اور پالیسیز موجود ہیں، لیکن عوام کو آگاہی دینا بھی نہایت ضروری ہے یہ بات انہوں نے انسانی اسمگلنگ اور مہاجرین کی غیر قانونی اسمگلنگ کے موضوع پر صوبائی مکالماتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس کا اہتمام کوئٹہ سسٹین ایبل سوشل ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن (SSDO) نے ڈنمارک کے سفارت خانے اور انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار مائیگریشن (IOM) کے اشتراک سے کیا تھا اجلاس کا مقصد متعلقہ اداروں کے درمیان باہمی روابط کو مضبوط بنانا اور مقامی کمیونٹیز میں انسانی اسمگلنگ اور مہاجرین کی اسمگلنگ کے بارے میں شعور اجاگر کرنا تھا وزیر تعلیم نے کہا کہ ان اقدامات پر موثر عمل درآمد کے لیے میڈیا، سول سوسائٹی، تعلیمی اداروں اور عوام کی بھرپور شرکت ضروری ہے انہوں نے پارلیمنٹیرینز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی صلاحیتوں میں اضافے کی ضرورت پر زور دیا رکن اسمبلی ملک نعیم بازئی نے کہا کہ آگاہی اہم ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد میں اضافہ، ادارہ جاتی روابط کی بہتری، اور متاثرین کی بحالی بھی ناگزیر ہے تاکہ حقیقی تبدیلی ممکن ہو سکے کمشنر کوئٹہ محمد حمزہ شفقات نے ادارہ جاتی ہم آہنگی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ، پولیس اور ایف آئی اے نے انسانی اسمگلنگ کے خلاف سینکڑوں مقدمات درج کیے ہیں، تاہم سزا کی شرح کم ہے رکن اسمبلی لیاقت لہڑی نے سول سوسائٹی، میڈیا اور سرکاری اداروں کے درمیان مضبوط شراکت داری پر زور دیا تاکہ موثر نگرانی اور مشاورت کا نظام قائم کیا جا سکے۔ انہوں نے کوئٹہ اور دیگر اضلاع میں جبری مشقت اور 18 سال سے کم عمر بچوں کی اسمگلنگ پر تشویش کا اظہار کیا اور اس مسئلے کی جڑ غربت اور آگاہی کی کمی کو قرار دیا سردار عالم خان بزنجو نے حکومتی اہلکاروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں، سول سوسائٹی، میڈیا اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کی بھرپور شرکت کو سراہا چوہدری محمد نعیم کریم نے کہا کہ مقامی برادریوں اور نوجوانوں کو تعلیم کے ذریعے انسانی اسمگلنگ سے بچاؤ کے بارے میں آگاہ کرنا ضروری ہے، اور اس موضوع کو نصاب تعلیم میں شامل کیا جانا چاہیے۔

## حلقہ انتخاب کے لیے ماسٹر پلان پر کام جاری، ماڈل ضلع بنایا جائے گا، سردار ڈومکی

**وزیر اعلیٰ کی مدد سے بہت جلد سبی میں واپڈا کی ورکشاپ بھی بحال کریں گے، میڈیا سے گفتگو**

سبی (آئی این پی) صوبائی وزیر صنعت و حرفت سردار کوہ یار خان ڈومکی نے کہا ہے کہ آنے والے بجٹ میں حلقہ انتخاب کے لئے ماسٹر پلان بنا کر ماڈل حلقہ بنانے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں صنعت و حرفت کو مکمل فعال کر کے عوام کے لئے روزگار کے مواقع فراہم کریں گے۔ تعلیم، صحت، پینے کا صاف پانی سمیت نکاسی آب سمیت اجتماعی نوعیت کے منصوبے لائیں گے۔ سبی اور لہڑی کے عوامی مسئلے مسائل کے حل کے لیے اقدامات کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سبی سردارزادہ میر دینار خان ڈومکی، ملک محمد رفیق سیلاچی، ریجنل یونین آف جرنلسٹس کے صوبائی صدر سید طاہر علی، صوبائی سینئر نائب صدر ظہور احمد مگسی بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ سبی کی شدید گرمی کو مدنظر رکھتے ہوئے میرے والد مرحوم سردار سرفراز خان ڈومکی کی کاوشوں کے فنڈز سے نئے ٹرانسفارمر ملے۔ جواب سبی کے کئی علاقوں میں نصب بھی کیے جا رہے ہیں۔ جس سے عوام کی مشکلات کا ازالہ ہوا ہے مزید نئے ٹرانسفارمر کے لئے حکومت سے رابطے میں ہیں جبکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی بھرپور مدد سے بہت جلد سبی میں واپڈا کی ورکشاپ بھی بحال کریں گے انہوں نے کہا کہ جشن سبی کے دوران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کے اعلان کردہ فنڈز ملتے ہی عوام کی فلاح و بہبود کے لئے میگا پروجیکٹ شروع کریں گے جس میں پینے کا صاف پانی سڑکوں کے نظام، نکاسی آب سمیت اجتماعی نوعیت کے کام شامل کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صنعت و حرفت کو مکمل فعال بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہا ہوں گھریلو صنعت سے عوام کا معیار زندگی بہتر ہو گا جس کے لئے خصوصی اقدامات اٹھا رہا ہوں۔

## ڈاکٹر قدیر خان نے ملکی دفاع ناقابل تسخیر بنایا، نور محمد دمڑ

**نواز شریف نے عالمی دباؤ کے باوجود 28 مئی کو ایٹمی دھماکے کیے، خطاب**

زیارت (خ ن) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ خان دمڑ نے کہا ہے کہ یوم تکبیر پاکستان کی عظمت، خودداری اور دفاعی صلاحیت کا دن ہے جب سے پاکستان کا سبز ہلالی پرچم پوری آب و تاب سے چمک رہا ہے نواز شریف نے عالمی دباؤ کے باوجود ایٹمی دھماکہ کر کے تاریخ رقم کی اور ملک کا دفاع ناقابل تسخیر بنایا ان خیالات کا اظہار انہوں نے زیارت میں کاروان حاجی نور محمد خان دمڑ کے زیر اہتمام یوم تکبیر کی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر نے ریلی کی قیادت کی جس میں ہزاروں افراد نے شرکت کی ریلی میں فوکل پرسن منسٹر فوڈ حاجی نور محمد دمڑ، اسسٹنٹ کمشنر محمد افضل، ڈپٹی چیئرمین حبیب اللہ پانیزئی اور دیگر بھی شریک تھے صوبائی وزیر نے کہا کہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان قوم کے ہیرو اور ایٹمی پروگرام کے معمار ہیں ڈاکٹر اے کیو خان اور ان کی ٹیم نے پاکستان کو دفاعی لحاظ سے ناقابل شکست بنایا یوم تکبیر ہمیں قومی اتحاد، حب الوطنی اور قربانی کا سبق دیتا ہے آرمی چیف جنرل عاصم منیر کا وژن پاکستان کی سلامتی اور ترقی کی ضمانت ہے پاکستان ایک باوقار، مضبوط اور محفوظ ریاست بن چکی ہے ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی خدمات قوم ہمیشہ یاد رکھے گی۔

## معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے جدوجہد جاری ہے، شعیب نوشیروانی

**بین الاقوامی تعلیمی اداروں میں اسکالرشپ کیلئے تمام وسائل استعمال کرینگے، وزیر خزانہ**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ تعلیم سے ہی انسانی زندگی پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں جدید سائنسی علوم انفارمیشن ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت سے زندگی میں مختلف قسم کی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہے تعلیم یافتہ نوجوان مثبت تبدیلی لا سکتی ہیں جو ہمارے روشن مستقبل کی ضامن ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ طلبہ و طالبات کے تعلیمی حقوق کے تحفظ، معیاری تعلیم کی فراہمی اور جدید دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کر رہے ہیں تعلیم کے فروغ کے لیے میری جدوجہد جاری ہے بلوچستان خصوصاً خاران کے باصلاحیت نوجوانوں کو بین الاقوامی تعلیمی اداروں میں اسکالرشپ دلوانے کے لیے تمام ممکن وسائل بروئے کار لا کر مواقع فراہم کروں گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 30 MAY 2025 Page No. 14

MASHRIQ QUETTA


## مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر حل اولین ذمہ داری ہے، نوابزادہ خالد مگسی

**وفاقی وزیر کی جانب سے شہریوں کے مسائل سننے کیلئے اسلام آباد میں خصوصی بیٹھک کا اہتمام**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) وفاقی وزیر نوابزادہ خالد حسین مگسی نے کہا ہے کہ اسلام آباد دفتر ہر شہری کے لیے کھلا ہے لوگوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا میری ذمہ داری ہے وفاقی وزیر نے ان خیالات کا اظہار اسلام آباد میں اپنے دفتر میں عوامی مسائل سننے کے لیے خصوصی بیٹھک کے موقع پر لوگوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جس میں مختلف علاقوں سے آئے شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی وفاقی وزیر نے شہریوں سے فرداً فرداً ملاقات کی ان کے مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایات جاری کیں مسائل میں روزگار، صحت، تعلیم، بجلی، پانی، سڑکوں کی خستہ حالی اور دیگر بنیادی سہولیات شامل تھیں انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ عوام کی آواز ایوانِ اقتدار تک پہنچائی جائے گی اور اس طرح کی بیٹھکوں کا تسلسل جاری رہے گا تاکہ عوام کو براہ راست ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

### وزیر خزانہ شعیب

## نوشیروانی کے سسر انتقال کر گئے

خاران (آن لائن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے سسر میر ظفر جان نوشیروانی انتقال کر گئے فاتحہ خوانی خاران میں ہے خاران کے معتبر قبائلی شخصیت حاجی میر ظفر جان نوشیروانی قضاالٰہی سے انتقال کر گئے وہ حاجی میر محمد اسماعیل نوشیروانی، حاجی میر ذوالفقار نوشیروانی کے والد پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب جان نوشیروانی وٹھیکیدار میر عبدالطیف نوتیزئی ڈاکٹر مشتاق احمد نوشیروانی کے سسر تھے مرحوم کا نماز جنازہ بروز جمعہ صبح دس بجے خاران بازار والی قبرستان میں ہوگی اور فاتحہ خوانی خاران میر لطیف نوتیزئی ہاوس میں ہوگا۔


MASHRIQ QUETTA


## تعلیم کی ترقی اور جدت کیلئے بھرپور کوششیں کریں گے، بخت محمد کاکڑ

**اساتذہ طلباء وطالبات کے تعلیم کے ساتھ ان کی رہنمائی بھی کریں، وہ ملک کے استحکام کیلئے اپنا کردار ادا کرینگے**

**بلوچستان حکومت تعلیمی اداروں کو جدید بنانے اور طلباء کو سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے، وزیر صحت**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ علاقے میں تعلیم کی ترقی اور جدت کیلئے بھرپور کوشش کریں گے اساتذہ طلباء و طالبات کو اپنے بچے سمجھ کر تعلیم کے ساتھ ان کی رہنمائی بھی کریں تاکہ آنیوالے وقت یہ مستقبل ملک کے استحکام اور خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کرینگے جن قوموں نے ترقی کی ہے انہوں نے تعلیم کو اپنایا گیا ہے ہمیں بھی چاہئے کہ ہم تعلیم کی ترقی اور تعلیم حاصل کرنے کیلئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لائینگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نواں کلی میں گورنمنٹ گرلز سکول کا دورہ کرنے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر انہوں نے اساتذہ سے ملاقات اور بچوں سے گول ملکر سوالات بھی پوچھ لیے صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم آگے آکر تعلیم کی ترقی اور خوشحال کیلئے اپنا کردار ادا کریں جہاں بھی کمی یا کمزور پایا گیا اس کو دور کرنے کی پالیسی کو اپنانا ہوگا تعلیم ایک ایسا زیور ہے جو قوموں کو کامیابی کی طرف لے جاتے ہیں ہم نے بھی وہی راستہ اختیار کرنا ہوگا تاکہ ہم اپنا ترقی کی طرف گامزن ہوسکے انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ بچوں کے مستقبل کیلئے بھرپور کردار ادا کریں اور ان تمام بچوں کو اپنا بچہ سمجھ کر ان کی تعلیم پر مکمل توجہ دیں صوبائی حکومت تعلیمی اداروں کو آگے لے جانے کیلئے ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہے بلکہ میرا جو ذاتی خواہش ہے کہ اپنے علاقے میں تعلیم اور صحت سے متعلق جو بھی وسائل درکار ہوں وہ فراہم کروں گا۔

## وزیر خوراک کی ہدایت، 30 ایکڑ اراضی پر کاشت مضر صحت سبزیاں تلف

**سیوریج نالوں کے آلودہ پانی سے کاشت کی جانے والی مضر صحت فصلوں کے خلاف مؤثر اور بھرپور کارروائی جاری**

**آلودہ پانی سے اگنے والی فصلیں نہ صرف غذائیت سے محروم ہوتی ہیں بلکہ کینسر و دیگر بیماریوں کا باعث ہیں، بی ایف اے**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی ہدایات پر نالوں کے آلودہ پانی سے کاشت کی جانے والی مضر صحت فصلوں کے خلاف مؤثر اور بھرپور کارروائی جاری ہے۔ تازہ ترین کارروائی نیو سنزل روڈ پر عمل میں لائی گئی، جہاں 130 ایکڑ سے زائد اراضی پر زیر کاشت سبزیاں تلف کر دی گئیں۔ کارروائی کے دوران بی ایف اے حکام نے زمینوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور ایسے کھیتوں کی نشاندہی کی جہاں نالوں کے آلودہ اور زہریلے پانی سے سبزیاں اگائی جا رہی تھیں۔ تلف کردہ فصلوں میں پودینہ، گھوبی (بند گوبھی)، اور دھنیا شامل تھیں جو کہ روزمرہ استعمال کی جانے والی سبزیاں ہیں اور انسانی صحت کے لیے سنگین خطرہ بن سکتی تھیں۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق آلودہ پانی سے اگنے والی فصلیں نہ صرف غذائیت سے محروم ہوتی ہیں بلکہ ان میں جراثیم، کیمیکل اور ہیوی میٹلز بھی موجود ہوسکتے ہیں جو مختلف بیماریوں جیسے کہ آنتوں کی خرابی، ہیپاٹائٹس اور کینسر کا باعث بن سکتے ہیں۔ مہم کے تحت زہریلے پانی کے تمام ذرائع کو بھی منقطع کر دیا گیا ہے تاکہ آئندہ ایسی غیر قانونی اور خطرناک کاشتکاری نہ کی جا سکے۔ ترجمان کے مطابق یہ مہم "زہریلی فصلیں ختم۔ صاف خوراک ہر گھر تک" کے تحت جاری ہے

حکومتی سرگرمیاں


CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 30 MAY 2025 Page No. 18


24 کروڑ پاکستانیوں کے بنیادی حق پر آنچ نہیں آنے دیں گے ہندوستان جان لے پاکستان کشمیر کو کبھی نہیں چھوڑے گا، سید عاصم منیر

# پانی پاکستان کی ریڈ لائن ہے بلوچستان میں دہشتگرد فتنہ الہندوستان ہیں بلوچوں سے کوئی تعلق نہیں، فیلڈ مارشل

دہشت گردی بھارت کا اندرونی مسئلہ ہے، جس کی بنیادی وجہ اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں پر بڑھتا ظلم اور تعصب ہے، معرکہ حق ثبوت ہے کہ جب قوم آہنی دیوار بن جائے تو کوئی طاقت اسے گرا نہیں سکتی

بھارت نے کئی دہائیوں سے کشمیر کے مسئلے کو دبانے کی کوشش کی اب ناکام ہو چکا ہے، اساتذہ کرام پاکستان کا سب سے بڑا سرمایہ ہیں جامعات کے وائس چانسلرز اور سینئر اساتذہ سے ملاقات میں گفتگو

راولپنڈی (زاہد احمد خان) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ ہندوستان جان لے پاکستان کشمیر کو کبھی نہیں چھوڑے گا، پاکستان بھارت کی اجارہ داری کبھی قبول نہیں کرے گا، اب کشمیر کا مسئلہ دبانا ممکن نہیں رہا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے مختلف جامعات کے وائس چانسلرز اور سینئر اساتذہ سے ملاقات کی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر......

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

) کے مطابق وائس چانسلرز، پرنسپلز اور سینئر اساتذہ سے گفتگو کرتے ہوئے آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ ہندوستان جان لے کہ پاکستان کشمیر کو کبھی نہیں چھوڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کا کوئی بھی سودا ممکن نہیں، ہم کبھی بھی کشمیر کو نہیں بھول سکتے، پانی پاکستان کی ریڈ لائن ہے، 24 کروڑ پاکستانیوں کے اس بنیادی حق پر آنچ نہیں آنے دیں گے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان بھارت کی اجارہ داری کبھی قبول نہیں کرے گا، بھارت نے کئی دہائیوں سے کشمیر کے مسئلے کو دبانے کی کوشش کی، بھارت ناکام ہو چکا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اب کشمیر کا مسئلہ دبانا ممکن نہیں رہا، دہشت گردی بھارت کا اندرونی مسئلہ ہے، جس کی بنیادی وجہ اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں پر بڑھتا بھارتی ظلم اور تعصب ہے، مسئلہ کشمیر عالمی سطح کا مسئلہ ہے، بلوچستان میں دہشت گرد فتن الہندوستان ہیں، ان کا بلوچوں سے کوئی تعلق نہیں۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ اساتذہ کرام پاکستان کا سب سے بڑا سرمایہ ہیں، میں آج جو کچھ بھی ہوں، والدین اور اساتذہ کرام کی وجہ سے ہوں، پاکستان کی اگلی نسلوں کی کردار سازی اساتذہ کرام کی ذمے داری ہے، اساتذہ نے پاکستان کی کہانی اگلی نسلوں کو بتانی ہے۔ پاک فوج کے سربراہ نے کہا کہ معرکہ حق میں اللہ تعالیٰ نے ہر طرح سے پاکستان کی مدد کی، معرکہ حق ثبوت ہے کہ جب قوم آہنی دیوار بن جائے تو کوئی طاقت اسے گرا نہیں سکتی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ایسی مضبوط ریاست بنانا ہے جس میں تمام ادارے آئین و قانون کے مطابق کام کریں، ایسی ریاست بنانا ہے جہاں تمام ادارے بغیر کسی سیاسی دباؤ، مالی و ذاتی فائدے کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کام کریں، جو کوئی بھی ریاست کو کمزور بنانے کا بیانیہ بنانے کی کوشش کرے اس کی نفی کریں۔ اس موقع پر شرکا نے نعرے لگائے یہ جو محفوظ دھرتی ہے، اس کے پیچھے وردی ہے۔ شرکا کا کہنا تھا کہ ہمیں پاکستان اور اپنی مسلح افواج پر فخر ہے اور ہم ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 30 MAY 2025 Page No. 16

Bullet No. 2


## عوام کا معیار زندگی بلند کرنے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، شکیل قادر خان

### ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح و بہبود اور صوبے کی ترقی کیلئے ناگزیر ہیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ حکومت عوام کی معیار زندگی بلند کرنے کے لیے مختلف اقدامات کر رہی ہے جن کا مقصد غربت میں کمی لاکر بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح و بہبود اور صوبے کی ترقی کے لیے ناگزیر ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں اسکولز میں اساتذہ، ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کی عارضی بنیادوں پر تعیناتی اور کھلی کچہریوں کا انعقاد سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا انہوں نے کہا کہ عوام کی معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع کی فراہمی کے لئے اقدامات کر رہی ہے تاکہ صوبے کے ہر شہری کی معیار زندگی کو بتدریج بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ڈپٹی کمشنرز اپنے متعلقہ اضلاع میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں پر کڑی نظر رکھیں تاکہ کوئی سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی نہ کر سکے کیونکہ اس سے براہ راست شہری متاثر ہوتے ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی کے عمل کو تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اگلے مالی سال کے لیے مختلف اضلاع میں آفیسران اور عملے کے رہائش کیلئے ترقیاتی اسکیم لائے گی۔ جس سے آفیسران اور عملے کا رہائشی مسئلہ حل ہو۔


MASHRIQ QUETTA




چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

## عوام کا معیار زندگی بلند کرنے کیلئے بھرپور اقدامات جاری ہیں، چیف سیکرٹری

### سڑکوں کی تعمیر، توانائی کے منصوبے، اور دیگر بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کی تکمیل سے عوام کو سہولیات میسر آئیں گی

### محکمہ تعلیم میں عارضی بنیادوں پر بھرتیوں سے 3200 سکول فعال ہوئے دیگر آسامیوں کو پر کرنے کیلئے کام جاری ہے

### اجلاس میں اساتذہ، ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کی عارضی بنیادوں پر تعیناتی اور کھلی کچہریوں کا انعقاد سمیت دیگر امور کا جائزہ

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کی معیار زندگی بلند کرنے کے لیے مختلف اقدامات کر رہی ہے۔ ان اقدامات کا مقصد غربت میں کمی لانا، بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح و بہبود اور صوبے کی ترقی کے لیے ناگزیر ہیں، جن میں سڑکوں کی تعمیر، توانائی کے منصوبے، اور دیگر بنیادی ڈھانچے ......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کے منصوبے شامل ہیں۔ خاص طور پر صوبے کے پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی اقدامات پر زور دیا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسکولوں میں اساتذہ، ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کی عارضی بنیادوں پر تعیناتی اور کھلی کچہریوں کا انعقاد سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے تعلیم، صحت، اور روزگار کے مواقع کی فراہمی کے لئے اقدامات کر رہی ہے تاکہ صوبے کے ہر شہری کی معیار زندگی کو بتدریج بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ محکمہ تعلیم میں عارضی بنیادوں پر بھرتیوں سے صوبے میں 3200 سکول فعال کئے گئے ہیں جبکہ باقی ماندہ آسامیوں کو پر کرنے کے لیے اشتہار دی گئی ہے اور ڈاکومنٹس جمع کرنے کی آخری تاریخ 2 جون دی گئی ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ڈپٹی کمشنرز اپنے متعلقہ اضلاع میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں پر کڑی نظر رکھیں تاکہ کوئی سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی نہ کر سکے کیونکہ اس سے براہ راست شہری متاثر ہوتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 30 MAY 2025 Page No. 17


عوامی پیسے کی حفاظت اولین ترجیح

# قومی خزانے کو نقصان پہنچانے والوں کو معاف نہیں کیا جائیگا PAC

کمیٹی نہ صرف مالی بدعنوانیوں کو بے نقاب کرے گی بلکہ سخت قانونی کارروائی بھی عمل میں لائے گی، چیئرمین علی اصغر ترین

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین اصغر علی ترین نے کہا ہے کہ عوامی پیسے کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے، جو شخص قومی خزانے کو نقصان پہنچائے اسے ہرگز معاف نہیں کیا جائے گا، وضاحت کا ایک موقع ضرور دیں گے مگر اس کے بعد سخت کارروائی ہوگی، کمیٹی نہ صرف مالی بدعنوانیون کو بے نقاب کرے گی بلکہ سخت قانونی کارروائی بھی عمل میں لائے گی تاکہ بلوچستان کے عوام کا اعتماد بحال ہو۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز کمیٹی کے اجلاس میں کہی، کمیٹی کا اجلاس ان کی زیر صدارت بلوچستان اسمبلی میں ہوا، جس میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے مالی حسابات اور جنگلات و آبی وسائل کے منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کمیٹی ارکان انجینئر زمرک خان اچکزئی، زابد علی ریکی، غلام دستگیر بادینی، فضل قادر مندوخیل، سیکرٹری پی ایچ ای ڈپارٹمنٹ عمران گچکی، ڈی جی آڈٹ بلوچستان شجاع علی، ایڈیشنل اکاؤنٹنٹ جنرل حافظ نورالحق، ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی، ڈائریکٹر آڈٹ ڈاکٹر فیض محمد جعفر، چیف اکاؤنٹس افسر سید ادریس آغا نے شرکت کی جبکہ بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف یونس عزیز زہری اور مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے خصوصی دعوت پر اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ڈی جی آڈٹ بلوچستان نے نومبر 2022 میں محکمہ پی ایچ ای گوادر کے مالیاتی امور پر خصوصی آڈٹ رپورٹ پیش کی، جس کا دائرہ کار مالی سال 2018 سے 2021 تک پھیلا ہوا تھا۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ محکمے نے 590 کروڑ روپے سے زائد کے اخراجات کیے مگر واجب الادا رقوم کو حسابات میں درج نہیں کیا، جس سے شفافیت پر سنگین سوالات اٹھتے ہیں۔ اجلاس میں یہ انکشاف بھی ہوا کہ انکم ٹیکس کی کٹوتی نہیں کی گئی اور تقریباً 24 کروڑ روپے کی رقم بغیر کسی قانونی کٹوتی کے جاری کی گئی۔ ٹینڈرز کے بغیر مختلف کمپنیوں کو دیے گئے کاموں کی مالیت تقریباً 492 کروڑ روپے تک پہنچ گئی، جو قوانین کی خلاف ورزی ہے، آڈٹ میں یہ بھی نشاندہی کی گئی کہ خشک سالی کے دوران پانی کی فراہمی کے لیے منصوبوں میں بھی بے ضابطگیوں کے شواہد موجود ہیں، جن کی مالیت 38 کروڑ روپے سے زائد ہے۔ ایندھن، آئل، لبریکنٹس اور مرمت کے سامان کی خریداری میں بھی بے قاعدگیاں سامنے آئیں۔ گوادر کے ایگزیکٹو انجینئر نے مختلف کمپنیوں سے کروڑوں روپے کی خریداری کی لیکن اس کا کوئی واضح ریکارڈ موجود نہیں، جس کی بنیاد پر ان اخراجات کو مشکوک قرار دیا گیا۔ کمیٹی نے اس پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مکمل ریکارڈ فراہم نہ کرنے پر متعلقہ افسران کے خلاف انکوائری کی جائے گی۔ رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ گوادر کے پانی کے مسئلے پر اربوں روپے خرچ ہوئے اگر یہ رقوم ایمانداری سے خرچ ہوتی تو آج گوادر میں سنگاپور سے بذریعہ جہاز پانی دستیاب ہوتا۔ رکن کمیٹی فضل قادر مندوخیل نے تجویز دی کہ معاملہ قومی احتساب بیورو (نیب) کے حوالے کیا جائے جبکہ دیگر ارکان نے کہا کہ پہلے مکمل حقائق سامنے لاکر چیئرمین اختیارات کے تحت فیصلہ کریں۔ اجلاس میں منگی ڈیم منصوبے کی آڈٹ رپورٹ بھی پیش کی گئی جس میں واضح کیا گیا کہ منصوبہ جون 2022 میں مکمل ہونا تھا مگر اس میں غیر معمولی تاخیر اور لاگت میں 42 فیصد اضافہ ہوا۔ آڈٹ کے مطابق منصوبے کی ابتدائی لاگت سات ارب تھی جو اب اٹھارہ ارب سے تجاوز کر چکی ہے اور منصوبہ مکمل نہیں ہو رہا۔


MASHRIQ QUETTA


# بلوچستان میں فورسز کی کارروائیاں فتنہ الہندوستان کے 5 دہشتگرد ہلاک

چیک پوسٹ پر حملے میں 2 اہلکار شہید

لورالائی میں کارروائی کے دوران دہشتگردوں سے فائرنگ کے تبادلے میں بھارتی اسپانسرڈ چار دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا

کیچ میں ایک اور کارروائی میں ایک دہشتگرد ہلاک ہوگیا، بھارتی اسپانسر شدہ دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

پاک ایران سرحد کے ساحلی علاقے سونڈی میں عارضی طور پر قائم پاکستان کوسٹ گارڈ کے چیک پوسٹ حملے میں انصر شاہ اور افتخار شہید

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + این این آئی) بلوچستان میں سیکورٹی فورسز نے دو مختلف کارروائیوں کے دوران بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان کے پانچ دہشتگرد ہلاک کر دیئے۔ پاک فوج کے ادارہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق بلوچستان کے ضلع لورالائی میں.......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

فتنہ ال ہندوستان کے دہشتگردوں کی موجودگی پر کاروائی کے دوران دہشتگردوں سے فائرنگ کے تبادلے میں بھارتی اسپانسرڈ چار دہشتگرد ہلاک ہوگئے ہلاک ہونے والے دہشتگردوں کے قبضے سے اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد برآمد کرلیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک ہونے والے دہشتگرد قومی شاہراہ این 70 پر راڑہ شم کے قریب 26 اگست 2024 اور 18 فروری 2025 کو 30 معصوم شہریوں کو شہید کرنے سمیت دہشتگردی کی دیگر سنگین وارداتوں میں ملوث اور سیکورٹی فورسز کو انتہائی مطلوب تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بلوچستان کے ضلع کیچ میں ایک اور کاروائی میں ایک دہشتگرد ہلاک ہوگیا۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ پاکستان کی سیکورٹی فورسز ملک میں بھارتی اسپانسر شدہ دہشتگردی کے خاتمے اور قوم کے عزم کے ساتھ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لئے پرعزم ہیں

# ریکوڈک مائننگ کمپنی کی جانب سے کراچی میں پاکستان سپلائر روڈ شو کا انعقاد

یہ ایونٹ مقامی معیشت کی ترقی کیلئے ہماری وابستگی کی ایک کڑی ہے، سپلائی چین منیجر مارٹن ہیوئنس

کراچی (خ ن) ریکوڈک مائننگ کمپنی (آر ڈی ایم سی) نے کراچی میں پاکستان سپلائر روڈ شو کا انعقاد کیا جس کا مقصد ملک بھر سے ممکنہ وینڈرز اور سپلائرز سے روابط قائم کرنا ہے۔ یہ روڈ شو ریکوڈک منصوبے کیلئے ایک مضبوط، جامع اور مسابقتی سپلائی چین کی تشکیل کیلیے آر ڈی ایم سی کی مسلسل کوششوں کا حصہ ہے ریکوڈک دنیا کے سب سے بڑے غیر ترقی.......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

یافتہ تانبے اور سونے کے ذخائر میں سے ایک ہے یہ روڈ شو آر ڈی ایم سی کی سپلائی چین ٹیم کی قیادت میں منعقد کیا گیا، جس میں بلوچستان کی چھوٹی اور درمیانے درجے کی کمپنیوں سمیت ملک بھر سے 200 سے زائد کاروباری اداروں نے شرکت کی شرکاء کو ریکوڈک منصوبے کا تعارف، اس کی بنیادی اقدار، خریداری کے طریقہ کار، ٹیکس نظام، کمیونٹی ڈویلپمنٹ اقدامات، ایچ آر پالیسیوں اور تعمیراتی و آپریشنل مراحل کے دوران ممکنہ شراکت داری کے مواقع سے آگاہ کیا گیا یہ ایکسپو گزشتہ برس کوئٹہ میں ہونے والے اسی نوعیت کے وینڈرز ایکسپو کے تسلسل کا حصہ ہے

# سیاسی جماعت کی جانب سے لگائے الزامات کی تردید کرتے ہیں، صوبائی الیکشن کمیشن

میڈیا و سیاسی جماعتیں غیر مصدقہ خبروں سے گریز کریں، تردیدی بیان میں اپیل

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی الیکشن کمیشن بلوچستان نے ایک سیاسی جماعت کی جانب سے لگائے گئے الزامات کی سختی سے تردید کی ہے کہ قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 251 کے 22 پولنگ اسٹیشن کے ووٹوں کی دوبارہ گنتی کیلئے متعلقہ پولنگ بیگ کھلے پائے گئے تھے .......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

الیکشن کمیشن نے اس تاثر کو سختی سے مسترد کیا ہے اور کہا ہے کہ تمام 22 پولنگ اسٹیشنوں کے پولنگ بیگ باقاعدہ سیل حالت میں متعلقہ ریٹرننگ آفیسر کے حوالے کیے گئے تھے اور اس سلسلے میں ریٹرننگ آفیسر نے باقاعدہ تحریری طور پر سیل پولنگ بیگز وصول بھی کیے ہیں الیکشن کمیشن میڈیا اور سیاسی جماعتوں سے گزارش کرتا ہے کہ وہ غیر مصدقہ خبروں سے گریز کریں۔

سیاسی جماعتیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 30 MAY 2025

Page No. 18

# عیدالاضحی کے ایام میں عوام کی حفاظت یقینی بنائی جائے، بلوچستان کانسٹیبلری

## موجودہ حالات کے پیش نظر عید کی خریداری پر ہجوم ہونے کی وجہ سے ڈیوٹیوں کو خود چیک کرنے کی ہدایت جاری

## ضلع انتظامیہ کو ضرورت کے مطابق بلوچستان کانسٹیبلری کے جوان فراہم کریں، کمانڈنٹ آغا یوسف کی بات چیت

کوئٹہ (خ ن) ہیڈ کوارٹر بدر لائن میں سیکورٹی کے بارے میں اہم اجلاس منعقد کیا گیا جس کی صدارت ایڈیشنل IGP / کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے کی۔ جس میں SSR ہیڈ کوارٹرز، زونل کمانڈر-I|II|III-اور A. D اسد اللہ B C ہیڈ آفس کوئٹہ اور دوسرے آؤٹ زون کے زونل کمانڈرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ ایڈیشنل IGR کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف صاحب نے تمام زونل کمانڈرز کو ہدایات نے تمام جاری کیں کہ عوام کی حفاظت کیلئے تمام زونل کمانڈرز 24/7 گھنٹے ہیڈ کوارٹر میں رہیں گے۔ موجودہ حالات کے پیش نظر عید کی خریداری کی وجہ سے بازار میں ہجوم ہونے کی وجہ سے ڈیوٹیوں کو خود چیک کریں عوام کی حفاظت کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ جہاں کہیں بھی بلوچستان کانسٹیبلری کی نفری کی ضرورت ہو وہاں ضلع انتظامیہ کو ضرورت کے مطابق بلوچستان کانسٹیبلری کے جوان فراہم کریں۔ تا کہ عوام کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے تا کہ کوئی ناخوشگوار واقع رونما نہ ہو سکے۔ ایڈیشنل IGP / کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے کہا کہ چائینیز شہریوں کی سیکورٹی کو فول پروف کیا جائے۔

سیاسی جماعتیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 30 MAY 2025 Page No. 19

# عوام کے دلوں سے ہماری محبت کوئی ختم نہیں کرسکتا، سردار رند

## جعلی ایم پی اے نے پنجی کے لوگوں کو ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا، خطاب

ڈھاڈر (نامہ نگار) سینئر سیاستدان سابق وفاقی وصوبائی وزیر سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ ہماری سیاست اسمبلیوں کی محتاج نہیں چار دہائیوں سے عوام کی خدمت کررہے ہیں ہماری محبت پنجی کے عوام کے دلوں میں ہے جو کوئی ختم نہیں کرسکتا ضلع میں حالیہ بدامنی کی لہر سے ہر طبقہ متاثر ہے ڈاکوؤں اور لٹیروں نے پنجی کے لوگوں کو یرغمال بنا رکھا ہے حکومتی رٹ کو ڈاکوؤں نے بندوق کی نوک پر رکھا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے میونسپل کمیٹی ڈھاڈر کے کونسلران کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈھاڈر سید فرید احمد شاہ دوپاسی، وائس چیئرمین حاجی محمد یوسف رند، کونسلر حضور بخش سیال، ڈھاڈر پریس کلب کے سینئر نائب صدر محمد عارف بنگلزئی، عبدالحئی گولہ بھی موجود تھے سینئر سیاستدان نے کہا کہ پنجی میں جان بوجھ کر جعلی ایم پی اے کی ایماء پر ڈاکوؤں لٹیروں کی اجارہ داری قائم ہے حکومتی امن اامان کے دعوے محض اخباری تک محدود ہیں آئے روز شریف النفس شہریوں کو ڈاکو دن دہاڑے لوٹ رہے ہیں امن وامان کی مخدوش صورتحال کے باعث لوگ نقل مکانی پر مجبور ہیں مگر ہم عوام کو حالات کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑ سکتے عوامی حق رائے دہی پر شب خون مارنے والے بدامنی کے ذمہ دار ہیں ڈاکوؤں اور چوروں کی سرپرستی کرنے والے عوام کے ہرگز خیر خواہ نہیں ہوسکتے۔

# پشتونوں کے وسائل پر قبضے کی کوششوں کو عوامی حمایت سے ناکام بنائینگے، پشتونخوامیپ

## ڈرون حملے پشتونوں کو خوفزدہ کرنے اور ان کے معدنی خزانوں پر قبضے کا تسلسل ہیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ کے مرکزی بیان میں جنوبی وزیرستان کی تحصیل برمل کرمزئی سٹاپ پر ڈرون حملے میں عام لوگوں کو زخمی کرنے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ خیبر پشتونخوا میں جاری ڈرون حملے پشتونوں کو خوفزدہ کرنے اور ان کے معدنی خزانوں پر قبضے کا تسلسل ہیں اور ہمارے قوم دوست محب وطن عوام اسے ناکام بنائینگے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے پشتونخوا صوبہ، خیبر پشتونخوا کے علاقہ وزیرستان کو بدامنی اور جنگ کا شکار بنایا ہے۔ وزیرستان کے عوام نے اپنی دھرتی کی حفاظت اور امن کی بحالی کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا اور آئندہ بھی کسی مسلط کردہ قوتوں کے ہاتھوں امن برباد کرنے کی اجازت نہیں دینگے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پارٹی چیئرمین ملی مشر تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے ہر فورم پر ریاستی جبر کے خلاف آواز بلند کی ہے اور وزیرستان ڈرون حملے جو کہ دہشت گردوں کے خلاف نہیں بلکہ محب وطن عوام دوست قوتوں کو خوفزدہ کرنے کی کارروائیاں ہیں کو مسترد کرتے ہوئے اسے فوری بند کرنے کا مطالبہ کرتی ہے۔ اور یہ بھی مطالبہ کرتی ہے کہ دہشت گردی کے نام پر پشتونخوا وطن میں ڈرون حملے بند کیے جائیں۔ پشتونخوا وطن کا امن برباد کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔

# مفادات کی سیاست کرنے والے ہر حد عبور کرجاتے ہیں، مولانا واسع

## این اے 251 میں 8 فروری جیسے سیاہ دنوں کی تاریخ دہرائی جارہی ہے، صوبائی امیر کا بیان

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علمائے اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جس کی سیاست کا مرکز ومحور صرف اقتدار ہو، وہ پارلیمانی نشستوں کے حصول کے لیے ہر حد عبور کرجاتا ہے۔ ہم ان مصلحتوں کے قائل نہیں جن کا انجام عوامی مینڈیٹ کی چوری پر ہوتا ہے۔ جمعیت علمائے اسلام نے ہمیشہ اصولوں، نظریات اور عوامی حمایت کی بنیاد پر سیاست کی ہے اور آئندہ بھی اسی بنیاد پر آگے بڑھے گی۔ ہم نہ کبھی جھکے، نہ بکنے والوں میں سے ہیں اور نہ ہی کسی سازش کے سامنے سرنگوں ہوں گے۔ انھوں نے کہا کہ این اے۔ 251 میں ایک بار پھر آٹھ فروری، انتیس فروری اور پانچ جنوری کے سیاہ دنوں کی تاریخ دہرائی جارہی ہے۔ وہی پرانی چالیں، وہی پس پردہ قوتیں اور وہی چہرے ایک نئے مکروہ کھیل کی تیاری میں مصروف ہیں۔ عوامی مینڈیٹ پر شب خون مارنے کی یہ کوشش دراصل جمہوریت کے چہرے پر ایک اور بدنما داغ لگانے کی مذموم سازش ہے۔ لیکن ہم آج پوری قوت سے یہ اعلان کرتے ہیں کہ یہ خام خیالی اب باقی نہیں رہے گی کہ جمعیت علمائے اسلام خاموش تماشائی بنی بیٹھی رہے گی۔ ہم نے بہت برداشت کرلیا، ہم نے بہت موقع دے دیا، مگر اب کی بار ہم خاموش نہیں رہیں گے، اب کی بار ہم پوری شدت اور عزم کے ساتھ میدان میں اتریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہر دور میں جمعیت علمائے اسلام کے خلاف کسی نہ کسی مہرے کو استعمال کیا گیا۔ آج پی بی۔ 7 کے ایم پی اے بیان بازی کرنے میں حد سے تجاوز کررہے ہیں، مگر ان کی آٹھ فروری کی شکست ان کا پیچھا چھوڑنے کو تیار نہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ان کی ڈور کہاں سے ہلائی جاتی ہے۔

# مسائل کو طاقت سے حل کرنے کی وجہ سے حالات خراب ہیں، ہدایت الرحمٰن

## حقوق کے حصول کیلئے اسلام آباد کی طرف مارچ اور کوئٹہ میں ایک لاکھ افراد کا دھرنا دیں گے، خطاب و گفتگو

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ اہل بلوچستان کو سی پیک سیندک ریکوڈک کے ثمرات، موٹروے، نوجوانوں کو ترقی، تاجروں کو تجارت عوام کو تعلیم وصحت کی سہولیات سے محروم کرنے لاپتہ افراد کی عدم بازیابی، حقوق دینے کے بجائے مسائل کو طاقت سے حل کرنے کی وجہ سے حالات خراب ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اجلاس سے خطاب صحافیوں سے گفتگو کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو لاوارث اور یہاں کے عوام کو انسان نہ سمجھنا ناقابل معافی جرم ہے۔ کئی دہائیوں سے وفاق وحکومتوں نے بلوچستان میں اجتماعی نوعیت کا کوئی بڑا کام نہیں کیا۔ بلوچستان میں ریلوے لائن نہ ہونے کے برابر ہیں۔ کوئٹہ تا ژوب ریلوے سفر کی جدید سہولیات موٹروے سمیت، میٹرو بس سروس، ملک بھر کو دستیاب سوئی گیس ژوب ڈویژن، لورالائی ڈویژن حتی کہ کوئٹہ ڈویژن کے آدھے حصہ کو میسر نہیں۔ آدھا بلوچستان بجلی کی نعمت سے محروم ہے۔ صوبائی دارالحکومت میں نکاسی آب کا نظام درہم برہم ہے، سڑکوں پر دھول اڑتی ہے، بے روزگاری انتہا کو چھورہی ہے۔ روزگار کیلئے کارخانے اور معیاری علاج کی سہولت کوئٹہ سمیت کہیں نہیں۔ جماعت اسلامی عوام کو حقوق دینے کیلئے تحریک چلارہی ہے۔ ہم حقوق کے حصول کیلئے اسلام آباد کی طرف مارچ اور کوئٹہ میں ایک لاکھ افراد کا دھرنا دیں گے۔

# چارٹر آف ڈیمانڈ، گرینڈ الائنس نے بلوچستان اسمبلی کے گھیراؤ کا اعلان کردیا

## 31 مئی سے کوئٹہ سمیت تمام اضلاع میں احتجاجی کیمپ لگائے جائیں گے، عبدالقدوس کاکڑ و دیگر کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان گرینڈ الائنس نے چارٹر آف ڈیمانڈ پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں بجٹ سیشن کے موقع پر بلوچستان اسمبلی کے گھیراؤ کا اعلان کردیا، 31 مئی سے کوئٹہ سمیت تمام اضلاع میں پریس کلبز کے سامنے چارٹر آف ڈیمانڈ کے لئے احتجاجی کیمپ لگائے جائیں گے، اس بات کا اعلان بلوچستان گرینڈ الائنس کے کنوینئر پروفیسر عبدالقدوس کاکڑ، جنرل سیکرٹری حاجی علی اصغر بنگلزئی ودیگر رہنماؤں نے جمعرات کو میٹروپولیٹن کارپوریشن کے سبزہ زار پر منعقدہ احتجاجی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ قبل ازیں گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ سائنس کالج کوئٹہ سے ریلی نکالی گئی اس موقع پر ریلی کے شرکاء نے پلے کارڈز اور بینرز اٹھائے تھے اور مطالبات کے حق میں نعرہ بازی کررہے تھے۔ ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی میٹروپولیٹن کارپوریشن پہنچی جہاں جلسہ عام منعقد کیا گیا۔ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی آرگنائزر عبدالقدوس کاکڑ، جنرل سیکرٹری حاجی علی اصغر بنگلزئی ودیگر نے انتظامیہ کی جانب سے کارپوریشن میں لگائے گئے کیمپ کو اکھاڑنے کی مذمت کی اور کہا کہ الائنس پرامن احتجاج پر یقین رکھتی ہے کسی کو یہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہیے کہ وہ ہمیں اپنے چارٹر آف ڈیمانڈ سے پیچھے ہٹنے پر مجبور کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 12 نکات پر مشتمل چارٹر آف ڈیمانڈ سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 30 MAY 2025 Page No. 20

## اخباری صنعت کے مطالبات تسلیم کیے جائیں، گہرام بگٹی

### پرنٹ میڈیا سے ہزاروں افراد کا روزگار وابستہ ہے عوام دشمن پالیسی قبول نہیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) جمہوری وطن پارٹی کے صوبائی صدر نوابزادہ گہرام بگٹی نے کہا ہے کہ ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کے جائز مطالبات تسلیم کیے جائیں ایکشن کمیٹی کئی ہفتوں سے اپنے مطالبات کے حق میں احتجاجی کیمپ میں بیٹھی ہے مگر جعلی حکومت کی جانب سے کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ اخباری صنعت کو ختم کرنے کی سازش کسی صورت قبول نہیں صنعت سے ہزاروں افراد کا روزگار وابستہ ہے زمینی حقائق کے برعکس پالیسیاں عوام دشمنی کے مترادف ہے۔

## اسپنی روڈ پر وکلا کے چیمبرز کے دروازے توڑنا کھلی دہشتگردی ہے، نیشنل پارٹی

### اس مکروہ عمل کے خلاف ہر سطح پر بھرپور احتجاج کیا جائے گا، بیان

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں گزشتہ شب مرحوم غلام محی الدین ساسولی ایڈووکیٹ کے چیمبر اسپنی روڈ جہاں قانون دان اسد ایڈووکیٹ سمیت دیگر وکلا کا آفس ہے، بدھ اور جمعہ کی ش[illegible]

مبینہ طور پر سی ٹی ڈی کے اہل کاروں نے رات کی تاریکی میں دروازے توڑے اور آفس کو نقصان پہنچایا جو قابل مذمت ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ سیکورٹی [illegible]

فورسز امن وامان کے نام پر تشدد پر اتر آئی ہیں جن سے حکومت پوچھنے کی جرأت کر سکتی ہے نہ ہی عدالت اس لیے اب وکلاء کے چیمبر بھی محفوظ نہیں رہے۔ بیان میں کہا گیا کہ محی الدین ساسولی ایڈووکیٹ مرحوم کے چیمبر اور واضح طور پر نیشنل لا چیمبرز کا بورڈ بھی لگا ہوا ہے اس کے باوجود چیمبر کے دروازے توڑنا کھلی دہشت گردی ہے جس کی نیشنل پارٹی بھرپور الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور اس مکروہ عمل کے خلاف ہر سطح پر بھرپور آواز اٹھا کر احتجاج کی جائیگی۔

## لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کا نوٹیفکیشن واپس لیا جائے، زیارتوال

### مائنز منرلز ایکٹ معدنی خزانوں پر قبضہ کرنے کے سوا اور کچھ نہیں، علاقائی کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے کہا ہے کہ فارم 47 کی حکومت عوام کے حق رائے دہی کے برعکس زر اور زور سے مسلط کی گئی ہے جس کا ہر اقدام دراصل آئین اور قانون کے خلاف تصور ہوگا 26 ویں آئینی ترمیم سے عدلیہ کے ججز کو جی حضوری پر مجبور کر دیا گیا ہے پیکا ایکٹ کے ذریعے آزادی رائے سلب کرنے، (SIFC)، مائنز منرلز ایکٹ کے ذریعے عوام کے معدنی خزانوں کو قبضہ کرنے کے اقدام کے سوا کچھ نہیں، لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کی حکومتی اختیار از خود متنازعہ ہے اور پارٹی حکومت کے ان تمام اقدامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کے نوٹیفکیشن کو واپس لینے کا مطالبہ کرتی ہے، بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے نتائج پشتون قوم کے نوجوانوں اور دیگر آباد لوگوں کے تعلیم یافتہ جوانوں میں سخت مایوسی پھیلی ہوئی پارٹی مطالبہ کرتی ہے کہ آزاد، خودمختار کمیشن سے اس کی تحقیقات ہو اور رپورٹ آنے تک نتائج کو التواء میں رکھا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتونخوامیپ ضلع کوئٹہ سے مربوط تحصیل سٹی کے بند پشتون درہ علاقائی یونٹ کے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر علاقائی یونٹ کے نئے کابینہ کا انتخاب عمل میں لایا گیا جس کے مطابق حاجی اکبر علاقائی یونٹ کے سیکرٹری، رحمت افغان سینئر معاون سیکرٹری، باچا خان مالیات سیکرٹری، ماسٹر رزاق اطلاعات سیکرٹری، عزت خان رابطہ سیکرٹری اور دیگر ایگزیکٹیوز کے اراکین منتخب ہوئے۔ صوبائی ڈپٹی سیکرٹری منان خان بڑیچ نے حلف لیا کانفرنس سے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان اور دیگر ضلعی و تحصیل کے رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ کانفرنس میں صوبائی رابطہ سیکرٹری گل خلجی، ضلع سینئر معاونین، ضلع ایگزیکٹیوز، ضلع کمیٹی و تحصیل کمیٹی کے اراکین نے بھی شرکت کی۔

## مشرقی بائی پاس پر نکاسی آب اور صفائی کے نظام کو بہتر بنایا جائے، جمعیت نظریاتی

### بکرا منڈی آنے والوں اور شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا رہتا ہے، قاری مہر اللہ

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علمائے اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، سینئر نائب امیر مولانا نیاز محمد قاری، عبید اللہ حقانی، مولانا رحمت اللہ حقانی، حاجی نادر خان اچکزئی، مولانا نذیر احمد، مولانا عبدالسلام، مفتی عبدالواجد، حاجی منہاج الدین، حاجی عبدالمنان، محمد صدیق، مولانا عبدالقدیم اور پنجشیر احمد نے کہا ہے کہ مشرقی بائی پاس شیر جان اسٹاف پر عام شاہراہ پر نالیوں اور گٹر کے پانی سے تالاب بن چکی ہے۔ مشرقی بائی پاس شیر جان اسٹاپ، گنج پڑی کاروباری، رہائشی علاقہ کی مصروف ترین سڑک پر جمع گندے پانی سے دو رویہ روڈ ون وے بن چکی ہے گاڑیوں کی آمد و رفت متاثر ہونے سے ٹریفک گھنٹوں گھنٹوں جام رہنا معمول بن گیا ہے۔ بکرا منڈی آنے والے شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا رہتا ہے مقامی لوگوں کو مسجد جانے میں بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے خصوصاً عید کے موقع پر ہزاروں لوگ قربانی کے خریدنے کے لیے آتے ہیں حکومت عید کے موقع پر ہنگامی بنیادوں پر ناقص پانی کو نکال کر سڑک کو آمد و رفت کے لیے کھول دے۔ کمشنر اور ڈپٹی کمشنر فوری نوٹس لے کر سڑک پر جمع سیوریج کے پانی کے نکاس کے لیے اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ مشرقی بائی پاس کی سڑکوں کے کنارے جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگے ہیں۔ کیچڑ، گندگی، تعفن اور اس سے پھیلنے والی مختلف بیماریوں نے شہری پریشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مزید عوام کا امتحان نہ لیا جائے۔ بصورت دیگر عید الاضحیٰ کے موقع پر عوام احتجاجاً شاہراہ بند کر دیں گے۔

## پیٹرولیم قیمتوں میں کمی کر کے عوام کو ریلیف دیا جائے، مولانا لونی

### بارڈر ٹریڈ سے ہزاروں افراد کا روزگار وابستہ ہے ایرانی تیل پر پابندی ختم کی جائے، بیان

کوئٹہ (پ ر) جمعیت نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی، جنرل سیکرٹری حافظ عبدالاحد کبدانی، نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، صوبائی سرپرست مولنا خدائے نذر ڈپٹی جنرل سیکرٹری قاری عبید اللہ حقانی، جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی اور سرپرست مولانا نعمت اللہ نے کہا ہے کہ حکومت کی معاشی پالیسیوں نے عوام اور تاجروں کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ پیٹرول اور ڈیزل پر لیوی 60 فیصد سے بڑھا کر 70 فیصد کر دی گئی ہے، جو عوام پر آئی ایم ایف کا بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے بلوچستان میں ایرانی پیٹرول اور ڈیزل کے کاروبار پر پابندی مقامی لوگوں کے معاشی قتل کے مترادف ہے رہنماؤں نے کہا کہ صوبے میں روزگار کے ذرائع نہ ہونے کے برابر ہیں بارڈر ٹریڈ سے ہزاروں خاندان کا روزگار وابستہ ہے رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر ایرانی پیٹرول کی بندش کا فیصلہ واپس لیا جائے اور پابندی سے قبل روزگار فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 30 MAY 2025 Page No. 21

# تربت اہلکار کی گمشدگی سی پیک شاہراہ سمیت تمام لنک روڈ 2 روز سے بند

**ایم ایٹ شاہراہ پر خواتین کا دھرنا، سڑک کی بندش سے سینکڑوں گاڑیاں پھنس کر رہ گئیں، شدید گرمی میں مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا**

**مظاہرین نے پیدل جانے والے مسافروں کو بھی روک دیا، بعض افراد کے ساتھ ہاتھا پائی کی بھی اطلاعات، مذاکرات کر کے شاہراہ کھلوائی جائے، عوامی حلقے**

تربت (بیورو رپورٹ) پولیس اہلکار کی جبری گمشدگی کے خلاف عومری کہن سامی کے مقام پر 2 دنوں سے سی پیک شاہراہ سمیت تمام لنک روڈ بلاک، ایم ایٹ شاہراہ پر خواتین کا دھرنا جاری، سیکڑوں گاڑیاں اور مسافر پھنس گئے، خواتین پر مشتمل مظاہرین نے عومری کہن کے مقام پر سی پیک شاہراہ ایم ایٹ شاہراہ کو بلاک کر کے ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کر رکھا ہے، تربت سے لاپتہ کیے گئے پولیس اہلکار غلام محمد کی بازیابی کیلئے وہ دو دنوں سے دھرنا دیئے بیٹھے ہیں، ان کے مطابق پولیس اہلکار غلام محمد کو تربت میں ڈیوٹی سے واپس آتے ہوئے ڈگری کالج روڈ پر مبینہ طور پر اٹھا کر لاپتہ کیا گیا ہے جو تاحال لاپتہ ہیں

بقیہ نمبر 39 صفحہ 5 پر

ان کے بارے میں اہل خانہ کو کوئی معلومات نہیں دی جا رہی ہے، جمعرات کو احتجاج کے دوسرے دن مظاہرین نے کوئٹہ اور بلوچستان کے دیگر علاقوں سے آنے والے لوگوں کو جنہیں گاڑیوں نے راستے میں ہی چھوڑا پیدل آنے سے بھی روکنے کی کوشش کی اور بعض افراد کے ساتھ ہاتھا پائی تک کی، دو دنوں سے مسلسل شاہراہ کی بندش کے نتیجے میں دونوں اطراف درجنوں گاڑیاں اور سیکڑوں مسافر پھنس گئے ہیں، عوامی و سماجی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ کے سربراہ ڈپٹی کمشنر کیچ سے مظاہرین کے ساتھ مذاکرات کر کے شاہراہ کھولنے کا مطالبہ کیا ہے۔

امن وامان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 30 MAY 2025

Page No. 22

## گوادر: سرحدی علاقے میں مسلح افراد کا حملہ، دو کوسٹ گارڈز جاں بحق

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاک ایران سرحد کے قریب کوسٹ گارڈز کی چیک پوسٹ پر مسلح افراد کے حملے میں دو اہلکار شہید ہو گئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق پاک ایران سرحدی علاقے سونڈی میں کوسٹ گارڈز کی عارضی چیک پوسٹ پر قریبی پہاڑوں سے نامعلوم افراد نے شدید فائرنگ کی پوسٹ پر موجود جوانوں نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے فائرنگ کا جواب دیا جس پر حملہ اور فرار ہو گئے۔ تاہم فائرنگ کے نتیجے میں پاکستان کوسٹ گارڈ کے دو اہلکار انصر شاہ اور افتخار موقع پر شہید ہو گئے اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز نے ان کی لاشوں کو گوادر ہسپتال منتقل کیا جبکہ علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔

## ڈیرہ مراد جمالی: ڈاکوؤں نے مسافروں کو نقدی اور قیمتی سامان سے محروم کر دیا

### نوتال کے قریب قومی شاہراہ پر رکاوٹیں کھڑی کر کے مسافروں کو لوٹا گیا، واقعے کیخلاف شدید احتجاج

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نامعلوم ڈاکوؤں نے قومی شاہراہ پر رکاوٹیں کھڑی کر کے مسافروں سے ہزاروں روپے نقدی اور دیگر قیمتی سامان چھین کر فرار ہو گئے واقع کیخلاف مسافروں نے احتجاج شاہراہ ٹریفک کے لیے بلاک کر دی باعث مسافروں کا شدید مشکلات کا سامنا پولیس کی یقین دہائی پر احتجاج ختم کر دیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ نوتال کی حدود میں قومی شاہراہ پر کوئٹہ سے ڈیرہ مراد جمالی اور ڈیرہ مراد جمالی سے کوئٹہ جانے والی مسافر گاڑیوں کے راستے میں نامعلوم ڈاکوؤں نے رکاوٹیں کھڑی کر کے مسافروں سے ہزاروں سے نقدی قیمتی موبائل اور دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے واقع کے بعد پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر دی تاہم کوئی گرفتاری و برآمدگی عمل میں نہیں آئی۔

## سرانان میں مسلح تصادم، 2 بھائیوں سمیت 3 افراد جاں بحق

### واقعہ پرانی دشمنی کی بناء پر کلی گل باران کے قریب پیش آیا، لاشیں کوئٹہ منتقل

پشین (نامہ نگار) سرانان کے علاقے کلی گل باران کے قریب پرانی دشمنی کی بنیاد پر دو گروپوں مسلح تصادم کے نتیجے میں دو بھائی نعمت اللہ اور نقیب اللہ ولد خدائے نذر جبکہ مخالف گروپ کے محمد داؤد ولد عبد العلی جاں بحق ہو گئے لیویز نے لاشوں کو ڈسٹرکٹ ٹیچنگ ہسپتال پشین منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں پوسٹ مارٹم کیلئے کوئٹہ منتقل کی گئیں واضح رہے کہ فریقین میں گزشتہ سال بھی مسلح تصادم میں ایک بچہ جاں بحق ہوا تھا مزید تفتیش لیویز کر رہی ہے۔

## اوستہ محمد میں سیاہ کاری کے الزام میں خاتون قتل

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) اوستہ محمد کے قریب پولیس تھانہ صدر کی حدود میں گوٹھ صفدر کے مقام پر چچازاد بھائی شوکت نے سیاہ کاری کے الزام دے کر اپنی کزن مسماۃ (ف) کو قتل کر دیا اور فرار ہو گیا۔ پولیس نے ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی۔

## پسنی: فائرنگ سے مرغی فروش جاں بحق

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پسنی میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ مرغی فروش جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق پسنی کا رہائشی مرغی فروش ہاشم خان ولد میر قدم خان گزشتہ شب دکان بند کر کے پیدل گھر جا رہا تھا وہ جیسے ہی خالد بن ولید مسجد کے قریب پہنچا نامعلوم موٹر سائیکل سوار اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ اس کی میت آبائی علاقے لکی مروت روانہ کر دی گئی۔

## کھڈ کوچہ میں فائرنگ سے مخبوط الحواس شخص جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) کھڈ کوچہ گزشتہ شب نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے مخبوط الحواس شخص کو ہلاک کر دیا اور فرار ہو گئے۔

# شہر کو نو پارکنگ زون قرار دینے کے بعد پارکنگ کا بحران پیدا ہو گیا خریدار و دکاندار پریشان

## نو پارکنگ سے شہر میں گرمی کی شدت کو کم کرنے میں مدد ملے گی، ٹرافیک پر دباو کم ہوگا

## ایمبولینسز میں سریس مریضوں کو بروقت ہسپتالوں میں پہنچانے میں اسانی ہوجائے گی، عبدالجبار کاکوزئی

## نو پارکنگ کے اوقات صبح 8 سے 12 بجے تک کیے جائیں، نور پارکنگ کا فیصلہ یکطرفہ ہے۔نعمت آغا

## حکومت تاجروں کیساتھ مل بیٹھ کر فیصلہ پر نظر ثانی کرے، تاجر رہنماوں کی مشرق سے بات جیت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) شہر بھر میں گاڑی پارک کرنے کیلئے پارکنگ کا بحران، گاہک اور دکاندار دونوں پریشان، جبکہ لاکھوں شہری حکومتی نو پارکنگ فیصلے سے خوش بھی نظر آرہے ہیں۔ مشرق سروے کے توسط سے شہریوں نے اچھے جبکہ تاجروں نے نور پارکنگ کے سے کاروباری زندگی کو مفلوج قرار دیتے ہوئے فوری طور پر حکومتی اس فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست بھی کرلی ہے نو پارکنگ سے جہاں شہریوں کو کھلے سڑکوں میں گزرنے اور ایمبولینسز میں سریس مریضوں کو ہسپتالوں تک منتقل کرنے کی جو دشواریاں تھیں وہ بھی ختم ہوگئیں، لیکن دکانداروں کو اس حوالے سے کروڑوں روپے کا نقصان اٹھانا پڑتا ہے پولیس والے گاہک کو ٹھہرنے نہیں دیتا، دکانداروں نے کوئٹہ کے کمشنر ایڈمنسٹریٹرز سے عیدالفطر کے دوران 10 دن کی رعایت کا مطالبہ کرتے ہوئے بتایا کہ عیدالفطر کے بعد سے تاجروں اور دکانداروں کو اعتماد میں لیکر صبح 8 بجے سے 12 بجے تک نو پارکنگ کیا جائے تاکہ جو لوگ جو تاجر جو دکاندار جو صبح 8 بجے سڑک پر گاڑیاں کھڑی کر کے شام کو 6 بجے یا رات کو 10 بجے روانہ ہوتے ہیں وہ قریبی پارکنگ میں کھڑی کی جائے دوسرے تاجروں نے موقف اختیار کرتے ہوئے بتایا کوئٹہ شہر میں جو بھی پلازے بنائے گئے ہیں ان میں کوئی بھی پارکنگ موجود نہیں شہر بھر میں پارکنگ کا بحران ہیں تاجر اپنی گاڑیاں کہاں کھڑی کی جائے جس پر حکومت کو سوچنا چاہئے۔ مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے متعدد شہریوں اور دکانداروں و تاجروں عبدالجبار کاکوزئی نے بتایا کہ نو پارکنگ حکومتی ایک مثبت فیصلہ ہے لیکن تاجروں کو درپیش مسائل کو بھی ٹیبل ٹاک کے ذریعے حل ہونے چاہئے۔ انہوں نے بتایا کہ سڑکیں کھل گئیں، ایمر جنسی مریضوں کو بروقت ہسپتال منتقلی میں آسانی پیدا ہوگئی، بچوں کو سکول لانے جانے میں کافی ذہنی اذیت دور ہوگئی ہے کہیں پر ٹریفک جام کا مسئلہ درپیش نہیں ہے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد سے فضائی آلودگی میں کمی واقع ہوئی کئی میٹرک ٹن گاڑیوں کی کاربن آلودگی کم ہوئی اس سے موسمیاتی تبدیلی اور گرمی کی بھی درجہ حرارت کم ہوئی پہلے گاڑیوں کی لمبی لمبی قطاروں کی وجہ سے ملنے والی دھوں سے گرمی اور فضائی آلودگی میں اضافہ ہوا کرتا تھا جبکہ گاڑیوں کی تعداد روزانہ کی بنیاد پر لاکھوں میں ہوتی ہیں اس سے نوائز فالوشن (آوازوں کی آلودگی) میں 100 فیصد کمی واقع ہوئی نو پارکنگ کے باعث وقت کا ضیاع بھی نہیں ہوتا آفس، سکول، کاروبار، کالجز وغیرہ کیلئے جانے میں رکاوٹیں ختم ہوگئیں لوگ بروقت جائے وقوعہ پر پہنچیں گے پہلے پانچ سالوں کی نسبت رواں سال سانس اور پھیپھڑوں کی بیماریوں میں نمایاں کمی کے امکانات ظاہر ہوئے ہیں۔ انجمن تاجروں کے صوبائی جوائنٹ سیکرٹری نعمت آغا نے بتایا کہ 12 بجے تک کوئٹہ شہر میں نو پارکنگ کیا جائے اس کے بعد گاہک کا شہر میں آنا شروع ہوںگے جن کے پاس فیملی بچے ہوںگے پورے شہر میں اتنی کار پارکنگ موجود نہیں مستقل پارکنگ کے ہم تاجر لوگ خلاف ہے۔ 24 گھنٹے پارکنگ کی وجہ سے لاکھوں دکانداروں کا معاشی قتل ہوگا، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے مطالبہ کہ اس پر ایکشن لیا جائے تاکہ لوگوں کے مسائل تاجروں کیساتھ حل ہوجائے۔ ایک دکاندار عنایت اللہ ایمار نے بتایا کہ نو پارکنگ کی وجہ سے اکثر چھوٹے چھوٹے میے لگانے والے تاجر روزانہ کی بنیاد پر 60 سے 80 ہزار روپے کا سودا سلف خرید رہے تھے اب اس کے مقابلے میں 2000 روپے کا سودا نہیں خرید رہے ہیں اس عمل سے ایک اندازے کے مطابق ہزاروں کی تعداد میں چھوٹے تاجر بے روزگار ہوگئے ہیں اور ان کے گھر کا چولہ بھی بجھ گیا ہے۔ ایک دکاندار فیض اللہ اچکزئی نے بتایا کہ نو پارکنگ کے فیصلے سے 100 فیصد متفق نہیں 50 فیصد دکانداروں کو اعتماد میں لینا چاہئے انہوں نے بتایا کہ ہم نے کافی سارا قرض اٹھا کر عیدالضحیٰ میں لوگوں کے خریداری کیلئے سامان لائے ہیں حکومتی نو پارکنگ کے فیصلے سے ہمارا بہت بڑا نقصان ہوگا گاہک نہ ہونے کے برابر ہے، اس صورتحال میں ہم اپنے دکاندار بجلی بل، کرایہ پورا نہیں کرسکتے ہیں حکومت فیصلے پر نظر ثانی کرکے ہمارے تاجر رہنماؤں کے ذریعے ہمیں اعتماد میں لیا جائے۔ چھوٹے تاجر امداد اللہ اچکزئی نے بتایا کہ میے کا کاروبار کررہا تھا نو پارکنگ کی وجہ سے ہمارا میہ بند ہوگیا ہے۔ جس کی وجہ سے ہمارا معاشی نقصان ہوگیا اور بے روزگار ہوگیا ہوں۔

# خاران میں طویل لوڈشیڈنگ کیخلاف شہریوں کا احتجاجی مظاہرہ

## قیامت خیز گرمی میں روزانہ گھنٹوں بجلی غائب رہتی ہے، گھریلو صارفین متاثر، کاروبار ٹھپ ہو کے رہ گیا ہے

## بجلی نہ ہونے کی وجہ سے پینے کے پانی ناپید ہوچکا ہے، مشینری جل رہی ہے، لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کو کم کیا جائے

خاران (نمائندہ خصوصی) خاران میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کے خلاف چیف چوک میں ٹائر جلا کر شہریوں نے احتجاجی مظاہرہ کیا اور واپڈا کے خلاف نعرے بازی کی۔ احتجاجی مظاہرین نے کہا کہ قیامت خیز گرمی میں روزانہ گھنٹوں بجلی غائب رہتی ہے، جس سے نہ صرف گھریلوں صارفین متاثر ہورہے ہے بلکہ کاروبار بھی ٹھپ ہوچکے ہیں۔ بجلی نہ ہونے کی وجہ سے پینے کے پانی ناپید ہوچکی ہیں اکثر اوقات بجلی سے چلنے والے مشینری جل رہے ہیں جس سے گھریلو صارفین کو نقصانات اٹھانا پڑ رہا ہے ایک طرف صارفین بجلی کے بلز جمع کررہے ہیں دوسری طرف بجلی کا نام ونشان تک نہیں ہیں شہریوں نے مطالبہ کیا کہ خاران میں بجلی کی فراہمی کو فوری بحال کرکے لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کو کم کیا جائے بعدازاں ایس ڈی او واپڈا کی جانب سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خاتمے اور بجلی کے باقاعدہ ٹائم ٹیبل کی یقین دہانی پر شہریوں نیا حتجاج کو پرامن طور پر ختم کردیا گیا

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: AZADI QUETTA
Serial No. 6 Dated: 30 MAY 2025 Page No. 24

# بلوچستان کا جغرافیہ تجارتی سرگرمیوں کیلئے اہمیت کا حامل!

بلوچستان کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے اقتصادی و تجارتی سرگرمیوں کا فروغ ضروری ہے۔ بلوچستان میں ملکی اور غیر ملکی کمپنیاں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر رہی ہیں حکومت بلوچستان کی جانب سے سرمایہ کاروں کو تمام ممکنہ سہولیات اور تعاون فراہم کیا جا رہا ہے۔ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال، دنیا کے بہترین محل وقوع پر مشتمل سرمایہ کاری و عالمی تجارت کیلئے موزوں خطہ ہے یہی عوامل بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے بنیاد فراہم کرتے ہیں، صوبائی حکومت بلوچستان میں سرمایہ کاری میں اضافے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، غیر ملکی سرمایہ کاران مواقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے یہاں صنعتوں کے قیام سمیت دیگر شعبوں کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرینگے تو یقیناً بلوچستان میں ترقی و خوشحالی کا خواب پورا ہوگا۔ بلوچستان حکومت صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے جس کے مثبت نتائج بھی سامنے آ رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں کان کنی، شمسی توانائی، آئل اینڈ گیس سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت قانونی تجارت کو فروغ دے رہی ہے اور اسمگلنگ کے خلاف سخت اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ گزشتہ دنوں کوئٹہ میں وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، صوبائی وزراء، پارلیمینٹیرینز اور بلوچستان چیمبر آف کامرس کے نمائندگان بھی شریک تھے۔ وزیر اعلیٰ نے پاکستان بھر سے آئے بزنس لیڈرز کو خوش آمدید کہا اور بلوچستان میں سرمایہ کاری کے سازگار مواقع پر روشنی ڈالی۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو مکمل سہولیات فراہم کرے گی اور ان کی تجاویز کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے زور دیا کہ صنعتوں کے قیام سے نہ صرف معیشت کو فروغ ملے گا بلکہ صوبے میں روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ ملاقات میں ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی کے نمائندوں نے وزیر اعلیٰ کی کاوشوں کو سراہا، جبکہ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے سی ای او بلال خان کاکڑ کی خدمات کو بھی خصوصی طور پر سراہا گیا۔ بہرحال بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی سب ہی کرینگے اور یہ سب کی خواہش بھی ہے کہ ایران اور افغانستان کے ساتھ تجارت کو وسعت ملے جس سے تینوں ممالک کی تاجر برادری اور عوام بھرپور فائدہ اٹھائینگے۔ بلوچستان جغرافیائی لحاظ سے اپنی منفرد پہچان رکھتا ہے جہاں سے جنوبی ایشیاء، سینٹرل ایشیاء، یورپ تک تجارت کی جا سکتی ہے جس کیلئے وفاقی سطح پر تجارتی روڈ میپ بنانے کی ضرورت ہے تاکہ ان ممالک کے ساتھ تجارت کو فروغ دیا جا سکے۔ امید ہے کہ بلوچستان حکومت تجارتی سرگرمیوں کو تیز کرنے اور صوبے کو ترقی کی جانب گامزن کرنے کیلئے وفاقی حکومت کے ساتھ ملکر کام کرے گی جس سے خطے میں غیر معمولی کاروباری سرگرمیوں کا آغاز ہوگا جس سے بلوچستان میں موجود مسائل حل ہونے کے ساتھ محرومی و پسماندگی کا خاتمہ ممکن ہو سکے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA 30 MAY 2025

Bullet No. 6 Page No. 26

## لوکل گورنمنٹ کی مضبوطی حقیقی جمہوریت ہے!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ لوکل گورنمنٹ کا کسی بھی معاشرے میں ایک بہت بڑا اور اہم مقام ہوتا ہے کیونکہ یہ بنیادی ادارے ہوتے ہیں جو عوام کے بنیادی مسائل احسن طریقے سے حل کرسکتے ہیں اوران تک ایک عام آدمی کی رسائی بھی آسانی سے ہوسکتی ہے۔تعجب کی اور حیرانگی کی بات ہے کہ بلوچستان کے تمام اضلاع میں بلدیاتی انتخابات ہوچکے ہیں اوروہاں باقاعدہ منتخب نمائندوں نے کام بھی شروع کردیا ہے لیکن صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جو بلاشبہ صوبے کا اہم شہر ہے میں بلدیاتی انتخابات التواء کا شکار ہیں جس کے باعث یہاں کی عوام بڑی مشکلات سے دوچار ہے۔ان کے بنیادی مسائل حل نہیں ہورہے وہ ایک چھوٹے سے کام کے لیے ایم پی اے کی دادرسی حاصل کرتے ہیں جن میں اکثر یہ نہیں کرپاتے اوراس طرح مسائل کا شکار رہتے ہیں۔

گذشتہ روز صوبائی وزیرخزانہ ومعدنیات میرشعیب نوشیروانی کی زیرصدارت 13ویں لوکل کونسل وفنانس کمیشن کا اجلاس ہوا۔جس میں مشیر برائے لوکل گورنمنٹ نوابزادہ امیرحمزہ زہری نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔لوکل گورنمنٹ کے سیکرٹری عبدالرؤف بلوچ سپیشل سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ اور دیگر افسران بھی اجلاس میں شریف ہوئے۔اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیرخزانہ ومعدنیات میرشعیب نوشیروانی نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ کی مضبوطی ہی حقیقی جمہوریت کی بنیاد ہے اختیارات کی نچلی سطح پرمنتقلی سے عوام کے اکثر مسائل ان کی دہلیز پر حل ہوسکتے ہیں۔ہم اسے مضبوط کرنے کے لیے بھرپور کوشش کررہے ہیں۔لوکل گورنمنٹ کو چاہیئے کہ وہ اپنی آمدن میں بھی اضافہ کرے تاکہ کچھ حدتک مالیاتی خودمختاری حاصل کی جاسکے۔انہوں نے ہدایت کی کہ فائر بریگیڈ گاڑیوں کی خریداری کو جلد ازجلد یقینی بنایا جائے۔تاکہ ہنگامی حالات میں موثر رسپانس ہو۔انہوں نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ کو دی جانے والی گرانٹس میں اضافہ کیا جائے گا تاکہ نچلی سطح پر ترقیاتی منصوبوں پرکام جلد شروع کیا جاسکے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی وزیرخزانہ میرشعیب نوشیروانی کا مذکورہ اجلاس سے خطاب اور اس میں لوکل گورنمنٹ کے حوالے سے اقدامات کے فیصلے قابل تعریف ہیں۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں جلدازجلد بلدیاتی انتخابات کا انعقاد کرکے عوام کے بنیادی مسائل حل کرنے کے اقدامات کیئے جائیں کیونکہ اس وقت عوام بڑی مشکلات سے دوچار ہے۔

# جعفرآباد میں آبنوشی کی فراہمی اور ضلعی انتظامیہ کی معاونت



تحریر:۔ اختر منگی
آرٹیکل رائٹر انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ

اللہ تعالیٰ نے زمین پر تمام مخلوقات کے لیے وسیع و عریض رزق کی فراہمی کے لیے بہتر سے بہتر معنوں میں اقدامات کر کے تمام ذی روح کو اس پر دسترس دے دی ہے اگر انسان اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں کو گننا شروع ہی کر دے تو یہ عمل اس کی بساط سے باہر ہیں اس خالق حقیقی نے اپنے اسم مبارک رزاق ہونے کا ہر جگہ پر واضح ثبوت دیا حتیٰ کہ پہاڑوں کی چوٹیوں پر بسنے والی مخلوق سمندر کی تہہ میں رہنے والی مخلوق اور زمین پر بسنے رینگنے والی تمام انس و جن حشرات چرند پرند ہر ایک کو اپنے بے پناہ رزق سے نوازا ہے تمام مخلوقات کے لیے بہترین رزق میں پانی وہ عطاء کی گئی اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے جس سے کسی صورت انکار نہیں کیا جا سکتا اللہ نے مخلوقات کیلئے آبشاروں بہتے دریاؤں اور زیر زمین انگنت پانی کے ذخائر سے مالا مال کر کے رکھا ہوا ہے جب سے کائنات وجود میں آئی ہے تب سے اللہ کا دیا گیا یہ رزق ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا اگر میں اللہ کی تمام نعمتوں میں سے صرف آب نوشی کے لیے فراہم کیے گئے پانی کے متعلق لکھنا چاہوں تو یہ میری بساط نہیں کہ میں خداوند متال کی نعمتوں کو بہتر معنوں میں اجاگر کر سکوں پانی اللہ کی وہ نعمت ہے جس سے انسان اور تمام مخلوقات کی زندگیاں جڑی ہوئی ہیں اللہ تعالیٰ نے ہر مخلوق کو اپنی اس عظیم نعمت سے نوازا ہوا ہے اس لیے اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن پاک میں کئی مقامات پر پانی کی نعمتوں کو عیاں کیا ہے اگر بات کی جائے میٹھے پانی کی تو یہ اللہ تعالیٰ کی وہ عظیم نعمت ہے جسے اللہ تعالیٰ اپنی قدرت کے ذریعے کھارے پانی کو میٹھے پانی تبدیل کر کے تمام مخلوقات کی ضروریات کو پورا کرتا ہے پاکستان میں بہنے والے دریاؤں کا پانی عوام کے لیے اس عظیم نعمت سے کم نہیں جس کا ساری زندگی شکر گزار رہیں تو تب بھی پانی کی نعمت سے کا نعم وبدل نہیں ہو سکتا پاکستان کے تمام دریاؤں سے یہاں کھیتی باڑی کی جاتی ہے تو باقی پانی لوگوں کو پانی فراہم کیا جاتا ہے اس کے ساتھ ساتھ صوبائی حکومت آبنوشی کی فراہمی کے لیے بھی سرگرداں رہتی ہے بلوچستان حکومت لوگوں کو ان کی دہلیز پر آبنوشی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے خطیر رقم خرچ کر کے اپنی رعایا کی خدمت کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑ رہی پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بلوچستان کا محکمہ تمام اضلاع میں فعال اور منظم ہے جس کی نگرانی میں لوگوں کو صاف پانی فراہم کیا جاتا ہے نصیرآباد ڈویژن کے لوگوں کے لیے آبنوشی کی ضروریات پٹ فیڈر کینال اور کیرتھر کینال کے ذریعے پوری کی جاتی ہے آج میں اپنی اس تحریر میں ضلع جعفرآباد میں لوگوں کو آبنوشی کی فراہمی کے طریقہ کار اور متعلقہ محکمے کے آفیسران اور دیگر عملے کی کارگردگی کے ساتھ ساتھ جعفرآباد ضلعی انتظامیہ کی جانب سے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ساتھ اپنی معاونت کو یقینی بنا کر مفاد عامہ میں جو کردار ادا کر رہا ہے اس کے متعلق کچھ بتانا چاہتا ہوں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ جعفرآباد پٹ فیڈر کینال کی ذیلی شاخوں سے 10 کلومیٹر دور واٹر چینل کے ذریعے پی ایچ ای کے تالابوں تک پانی لایا جاتا ہے اس مرتبہ بھی پبلک ہیلتھ انجینئرنگ جعفرآباد کے ایگزیکٹو انجینئر محمد کاظم لونی اور اس کی ٹیم کے ساتھ ضلع جعفرآباد کے ڈپٹی کمشنر اظہر شہزاد نے مفاد عامہ میں بہتر سے بہتر اقدامات کیے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے فیز ون، فیز ٹو اور خان گڑھ واٹر سپلائی اسکیم کے تالابوں میں پانی بھرنے کے لیے سخت اقدامات کیے۔ پٹ فیڈر کینال کی ذیلی شاخوں کے ٹیل سے 10 کلومیٹر دور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے تالابوں کو پانی سے بھرنا کوئی آسان عمل نہیں کیونکہ اس فاصلے کے درمیان بڑی تعداد میں لوگ اپنی زرعی زمینیں آباد کرتے ہیں جو کہ غیر قانونی طریقے سے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے تالابوں کے لیے بنائے گئے واٹرکورس سے پانی چوری کر لیتے ہیں جس کی وجہ سے تالابوں تک پانی کی فراہمی میں مشکلات درپیش آتی ہیں ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد نے ایگزیکٹو انجینئر محمد کاظم لونی کے ساتھ مل کر سخت اقدامات کیے اور پانی چوری کرنے والوں کے خلاف کاروائی عمل میں لائی اگر ضلعی انتظامیہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ساتھ مل کر مفاد عامہ میں پانی کو مجمع نہ کرواتی تو آج کینالز سسٹم کی سالانہ بندش کے بعد تالابوں میں پانی کی قلت کی وجہ سے عوام سخت مشکلات سے دوچار ہوتی اسی حوالے سے کمشنر نصیرآباد ڈویژن معین الرحمن خان نے بھی متعدد بار تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو سختی کے ساتھ ہدایت دیں کہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے تمام تالابوں کو پانی سے بھرنے کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں کمشنر نصیر آباد ڈویژن معین الرحمن خان کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد نے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ جعفرآباد ایگزیکٹو انجینئر محمد کاظم لونی کے ساتھ بھاری مشینری پانی سے مکمل طور پر تالابوں کو بھروا دیا جس سے آج ڈیرہ الہیار کی پوری آبادی مستفید ہو رہی ہے پٹ فیڈر کینال اور اس کی ذیلی شاخوں کی بھل صفائی اور دیگر تعمیراتی عمل کے حوالے سے کینال کی بندش کے باوجود تا حال کسی قسم کی شکایات سامنے نہیں آئی اس حوالے سے گزشتہ دنوں ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد کی زیر صدارت کھلی کچہری بھی منعقد کی گئی جس میں پانی کی قلت اور عدم فراہمی کے حوالے سے کوئی بھی شکایات سامنے نہیں آئیں یہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ جعفرآباد پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے آفیسران اور دیگر عملہ مفاد عامہ میں اپنی بہتر معنوں میں خدمات سرانجام دے رہا ہے البتہ کچھ علاقوں میں پانی میں بدبودار پانی لائنوں میں آنے کی شکایت سامنے آئیں جس پر ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ محمد کاظم لونی نے وضاحت دیتے ہوئے بتایا کہ لوگوں کی جانب سے واٹر سپلائی سکیمز کی لائنوں سے خود ہی کنکشن لگائے جاتے ہیں جس کی وجہ سے گندا اور مضر صحت پانی لیکیجز کے ذریعے مین پائپ لائنوں میں داخل ہو جاتا ہے مگر ہماری بھرپور کوشش ہے کہ اس قسم کے عمل کی روک تمام کے لیے سخت بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں تاکہ اس قسم کی شکایات بھی سامنے نہ آئیں ضلع جعفرآباد کے تمام وارڈز محلوں اور کالونیوں میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے عملے اور افسران کی کاوشوں کی بدولت لوگوں کو بالترتیب ان کو دہلیز پر پانی کی فراہمی جاری ہے اس کے ساتھ ساتھ شہر کے مختلف مقامات پر لگے کئی فلٹریشن پلانٹس کسی کی وجوہات کی بنا پر غیر فعال تھے جنہیں ایگزیکٹو انجینئر محمد کاظم لونی نے فوری طور پر بحال کروا کے عوام کے مفاد میں بہتر خدمات سرانجام دیں اور لوگ آج ان سے صحیح معنوں میں پانی حاصل کر رہے ہیں اس موقع پر میں یہ بات بھی واضح کرتا چلوں کہ سرکاری ملازمت میں فرائض پوسٹنگ ملازمت کا ایک بنیادی جز ہوتا ہے مگر حکومت کی بھی کوشش رہتی ہے کہ مفاد عامہ میں اقدامات ہر گز رکنے نہیں چاہیں اسی ضمن میں ضلع جعفرآباد سے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد کے تبادلے کے بعد نئے آنے والے ڈپٹی کمشنر خالد خان نے بھی اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیتے ہوئے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے فیز ون، فیز ٹو اور خان گڑھ واٹر سپلائی اسکیم کا دورہ کیا اور آبنوشی کے تالابوں کا جائزہ لیا پانی کے ذخیرے کے متعلق آگاہی حاصل کی ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ جعفرآباد محمد کاظم لونی نے انہیں فیز ون فیز ٹو اور خان گڑھ واٹر سپلائی سکیم کے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ تین فیزز کے ذریعے لوگوں کو آبنوشی کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے پٹ فیڈر کینال اور اس کی ذیلی شاخوں کی سالانہ بندش کے بعد لوگوں کو پانی فراہم کیا جا رہا ہے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے احکامات دیئے کہ پانی کی سالانہ بندش کو مدنظر رکھ کر محتاط طریقے سے تمام علاقوں وارڈز محلوں میں پانی تقسیم کیا جائے طریقہ کار کے عمل کو مزید شفاف اور منصفانہ طور پر کریں تاکہ کہیں سے بھی لوگوں کی شکایات سامنے نہ آئیں آبنوشی کی ضروریات کو پورا کرنا پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے عملے اور افسران کی اولین ذمہ داریوں کا حصہ ہے اس لیے کوشش کی جائے کہ پانی کے تقسیم کار میں محتاط طریقہ اپنایا جائے تاکہ جب تک پٹ فیڈر کینال کے ذریعے ذیلی شاخوں سے ضلع جعفرآباد کے پانی کے تالابوں تک پانی مہیا نہیں کیا جاتا تب تک صحیح معنوں میں اسی پانی کو استعمال میں لایا جائے ضلع انتظامیہ کی بھرپور کوشش رہے گی کہ تمام امور کی کڑی مانیٹرنگ کرے اور لوگوں کو آبنوشی کی صحیح معنوں میں فراہمی کے لیے ہر ممکن وسائل بروکار لائے گی تاکہ لوگ ضلع انتظامیہ اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے اقدامات سے مستفید ہو سکیں اگر میں وضاحت کرنا چاہوں کہ ضلع انتظامیہ جعفرآباد نا صرف پبلک ہیلتھ انجینئرنگ بلکہ دیگر تمام محکموں میں مل کر لوگوں کے بہتر مفاد میں اقدامات کر رہی ہے تو یہ حق پر مبنی ہوگا ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد تمام محکموں میں مفاد عامہ میں کیے جانے والے تمام اقدامات کا خود جائزہ لیتے رہتے ہیں متعلقہ آفیسران سے محکمے کی کارکردگی رپورٹ ماہانہ اور ہفتہ وار طور پر حاصل کرتے ہیں جبکہ آئے روز لوگوں کی شکایات سننے اور جس محکمے کے متعلق لوگوں کو مشکلات درپیش آ رہی ہیں اس کے تدارک کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہے ہیں جو کہ بہتر معنوں میں ایک ضلع کو چلانے کا مناسب طریقہ کار عمل ہے یہی وجہ ہے کہ جہاں کھلی کچہریاں منعقد کی جاتی ہیں تو وہاں پر لوگوں کی شکایات کے انبار لگ جاتے ہیں مگر گزشتہ دنوں جعفرآباد میں لگنے والی کھلی کچہریوں میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سمیت دیگر محکموں کی چند ایک شکایات سامنے آئیں جس میں سے کئی شکایات تو ڈپٹی کمشنر نے موقع پر ہی حل کر دیں شہر بھر میں پانی کی صحیح معنوں میں فراہمی اور تالابوں میں پانی کے ذخیرے کی جانچ پڑتال کیلئے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد نے دورہ کیا پانی کے ذخیرے کا جائزہ لیا فلٹریشن پلانٹ سے پانی حاصل کرنے والے لوگوں سے بھی آگاہی حاصل کی اپنی اس تحریر میں میں واضح کرنا چاہتا ہوں کہ صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ... اے ڈی سی عبدالمجید ... کی جانب سے بھی عمل کا آغاز کیا جا رہا ہے کہ خطیر رقم خرچ کر کے ڈیرہ اللہ یار شہر میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی چوتھی واٹر سپلائی سکیم کا بھی قیام عمل میں لایا جائے گا جس سے لوگوں کو مزید وافر مقدار میں پانی دستیاب ہوگا اس کے علاوہ صوبائی پارلیمانی سیکریٹری بہبود آبادی محترمہ ہادیہ نواز بہرانی بھی جعفرآباد کی عوام کو مزید بہتر معنوں میں آبنوشی کی فراہمی کیلئے اقدامات کر رہی ہیں بحالی واٹرکورس قیدی شاخ ... واٹر سپلائی ڈیرہ اللہ یار سمیت جعفرآباد میں مختلف دیہی علاقوں میں تین نئی واٹر سپلائی اسکیم کیلئے اقدامات کر رہی ہیں جو کہ خوش آئند اقدام ہے اس سے دیہی علاقوں کے لوگوں کو بھی صاف ستھرے پانی کی فراہمی ممکن ہو سکے گی اس کے علاوہ صوبائی پارلیمانی سیکریٹری بہبود آبادی محترمہ ہادیہ نواز بہرانی نے ڈیرہ اللہ یار شہر کی مختلف وارڈز میں بوسیدہ پائپ لائنوں کیلئے پانچ کروڑ روپے مختص کیے ہیں اس رقم کی فراہمی کے بعد پی ایچ ای کی پرانی پائپ لائنیں ختم ہو جائیں گی اور لوگوں کو صاف ستھرے پانی کی فراہمی ممکن ہو سکے گی اس کے علاوہ اب بھی شہر کے مختلف علاقوں میں نئی واٹر سپلائی اسکیم سے کئی وارڈز میں پانی کی لائنیں بچھائی گئی ہیں ان سے لوگ مستفید ہو رہے ہیں اس کے ساتھ ساتھ خان گڑھ واٹر سپلائی سکیم سے بھی قریبی علاقے فائدہ مند ہو رہے ہیں یہ وہ اس کی مات ہیں جس سے لوگوں کو آبنوشی کی فراہمی میں مشکلات کا تدارک ہو رہا ہے ذیلی شاخوں کی بندش کے حوالے سے سابقہ ادوار میں آبنوشی کی فراہمی کے حوالے سے کئی شکایات پرنٹ میڈیا سوشل میڈیا میں سامنے آتی تھی مگر اس مرتبہ ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد اور ایگزیکٹو پبلک ہیلتھ انجینئرنگ محمد کاظم لونی کی بہتر حکمت عملی کے تحت عوام کو شکایات کا موقع نہیں ملا اس وقت بھی ضلع جعفرآباد کے تینوں فیزز میں بڑی مقدار میں پانی تالابوں میں جمع ہے جب تک پانی کینالز میں نہیں آتا تب تک قوی امید کی جا رہی ہے کہ جعفرآباد کی عوام کو آبنوشی کی فراہمی میں مشکلات درپیش نہیں آ سکتی ضلع جعفرآباد کی تمام واٹر سپلائی سکیم کنالز کی ٹیل میں واقع ہیں جب تک زمینداران پانی حاصل کر لیتے ہیں تب جا کر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے تالابوں کو پانی بھرنے کا موقع ملتا ہے مگر پھر بھی افسران کی جانب سے لوگوں کے مفاد میں پانی مجمع کرنا اور انہیں ترتیب کے ساتھ پوری ابادی تک پہنچانا ایک خوش آئند اقدام ہے اس موقع پر میں یہ بتانا پسند کروں گا کہ نصیرآباد ڈویژن کی اکثر آبادی کی آبنوشی کی ضروریات کینالز سے پوری کی جاتی ہیں محکمہ اریگیشن کی سالانہ کینالز کی بھل صفائی و دیگر ضروری تعمیرات کی وجہ سے لوگوں کو آبنوشی کی فراہمی میں مشکلات سامنے آتی رہتی ہیں اگر محکمہ اریگیشن بھل صفائی و دیگر امور کی انجام دہی میں برق رفتاری کرے تو نصیرآباد ڈویژن کے ان اضلاع جہاں سے نہری نظام کے ذریعے پانی حاصل کیا جاتا ہے وہاں پر پانی کی سالانہ بندش سے مشکلات درپیش نہیں آ سکیں گی خیر تمام محکمے ہی اپنے نظام سے واقف ہیں جو کہ حکومتی احکامات کی روشنی میں مفاد عامہ میں بہتر سے بہتر اقدامات کرنے میں مصروف عمل ہیں۔

CLIPPING SERVICE

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 8

Dated: 30 MAY 2025 Page No. 27

# بلوچستان، پراکسی جنگ اور بھارت

مکالمہ



سلمان عابد

salmanabidpk@gmail.com

حالیہ پاک بھارت کشیدگی اور بھارت کی مختلف محاذ پر پسپائی کے بعد یہ امر یقینی تھا کہ پاکستان میں آنے والے عرصے میں پراکسی جنگ جیسے امور کو زیادہ بالادستی حاصل ہوگی۔ بھارت پراکسی جنگ کو پاکستان کے خلاف بطور ہتھیار زیادہ شدت کے ساتھ استعمال کرے گا تاکہ وہ پاکستان کو غیر مستحکم کر سکے۔ بلوچستان اور صوبہ خیبر پختون خواہ اس کا خصوصی ٹارگٹ ہوں گے۔ بلوچستان میں بی ایل اے اور خیبر پختونخوا میں کالعدم تحریک طالبان یعنی ٹی ٹی پی کی افغانستان کے ذریعے سہولت کاری اور معاونت کے ساتھ وہ اپنی پہلے سے جاری جنگ میں مزید شدت پیدا کرے گا۔ خضدار میں اسکول بس سانحہ ظاہر کرتا ہے دہشت گردی کا یہ کھیل آسانی سے نہیں رکے گا۔ آئی ایس پی آر کے بقول اس دہشت گردی کی منصوبہ بندی بھارت میں کی گئی اور وہ یہ حملہ اپنی پراکسی تنظیموں سے کروایا۔ خیبر پختون خوا میں ہو رہا ہے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی ضرور ہوئی ہے مگر جنگ کے خطرات بدستور موجود ہیں، دہشت گردی کے واقعات میں مزید اضافہ دیکھنے کو مل سکتا ہے۔

معصوم نہتے شہریوں اور بالخصوص معصوم بچوں کو نشانہ بنانا گھناؤنا فعل ہی ہوسکتا ہے اور اس واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہوگی۔ بلوچستان میں علیحدگی پسندوں کے حملوں سے کئی بے گناہ شہری اپنی جانوں سے گئے ہیں۔ بالخصوص غیر بلوچیوں کو ٹارگٹ کر کے قتل کرنا زیادہ سنجیدہ اور تشویش کے پہلو کی عکاسی کرتا ہے۔ بلوچستان کے وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کے بقول ہمارے پاس یہ انٹیلی جنس رپورٹس موجود تھیں کہ بھارت کی پراکسی جنگ بلوچستان میں ہوسکتی ہے۔ پاکستان کافی عرصہ سے کہہ رہا ہے کہ اس کے پاس پراکسی جنگ کے تناظر میں بلوچستان پر بھارت کے خلاف کافی مضبوط شواہد موجود ہیں۔ اب جب کہ موجودہ حالات میں پاکستان کو بھارت پر نہ صرف نفسیاتی برتری حاصل ہے بلکہ ہم سفارتی محاذ پر بھی برتری حاصل کیے ہوئے ہیں۔ اس لیے جعفر آباد ایکسپریس کا واقعہ ہو یا خضدار میں ہونے والی دہشت گردی یا مسلسل کئی عرصے سے بلوچستان کے علیحدگی پسند افراد یا بی ایل اے کی دہشت گردی پر مبنی کارروائیوں کے جو بھی شواہد یا حقائق ثبوت کی صورت میں موجود ہیں اسے ہمیں عالمی دنیا میں موجود سفارتی محاذ پر پیش کر کے بھارت کو بڑے دباؤ میں لانا ہوگا۔ کیونکہ بھارت نے پہلگام واقعہ کو بنیاد بنا کر بغیر کسی ٹھوس ثبوت کے پاکستان پر الزام لگایا ہمیں ان کی حکمت عملی سے گریز کر کے ثبوت کے ساتھ بھارت کے خلاف عالمی دنیا میں جانا ہوگا تاکہ ہم بہتر طور پر اپنا مقدمہ عالمی دنیا میں لڑ سکیں۔

یہ بات تسلیم کرنا ہوگی کہ بلوچستان میں حالات سنگین ہیں۔ اس بحران کا حقیقی ادراک کرتے ہوئے ہمیں خود بھی مسائل کے حل کے لیے غیر معمولی اقدامات اٹھانے ہوں گے۔ اس مسئلہ کے حل کے لیے ہمیں لانگ ٹرم، مڈٹرم اور شارٹ ٹرم کی بنیادوں پر قومی اتفاق رائے کے ساتھ موثر حکمت عملی اختیار کرنا ہوں گی۔ یہ اس لیے بھی ضروری ہے کہ ہم داخلی سطح کے معاملات میں خلیج پیدا نہ کریں اور دشمن کو موقع نہ دیں کہ وہ ہماری داخلی کمزوریوں سے فائدہ اٹھا سکے۔ بلوچستان میں موجود سیاسی لوگوں کے ساتھ معاملات طے کرنے ہوں گے۔

بلوچستان کا مسئلہ سیاسی تنہائی میں حل نہیں ہوگا۔ بالخصوص ایسے موقع پر جب یہ خطرات موجود ہیں کہ بھارت بلوچستان میں اپنی مداخلت یا پراکسی جنگ کو جاری رکھنا چاہتا ہے تو ہمیں زیادہ خبردار رہنا ہوگا اور بلوچستان کی حکمرانی اور گورننس سے جڑے تمام معاملات پر موثر کردار ادا کرنا ہوگا۔ ہمیں اپنے داخلی بیانیہ کو بھی درست کرنا ہوگا۔ بھارت سے آنے والے دنوں میں ہمارے خطرات کم نہیں بلکہ اور زیادہ بڑھنے کے امکانات ہیں۔ افغانستان کے معاملے میں بھی بھارت ایک بڑی رکاوٹ بنا ہوا ہے اور ٹی ٹی پی کی سرپرستی پاکستان کی مخالفت میں اس کی پالیسی کا حصہ ہے۔ افغانستان سے جو ہمارے معاملات خراب ہیں یا جو کردار پاکستان کی مخالفت میں ٹی ٹی پی ادا کر رہی ہے وہ بھارت کی حمایت کے بغیر ممکن نہیں۔ اس لیے بلوچستان اور خیبر پختون خواہ میں بھارت کی پراکسی کو کمزور کرنے کے لیے ہمیں افغانستان سے اپنے تعلقات میں بہتری بھی لانا ہوگی اور ٹی ٹی پی کا بھی علاج تلاش کرنا ہوگا۔ ہمیں سفارتی محاذ پر بھارت کے کردار کو محض بلوچستان تک محدود رکھ کر دنیا کے سامنے پیش نہیں کرنا بلکہ افغانستان اور ٹی ٹی پی کے معاملے میں بھی بھارت کی تصویر اور اس کے دوہرے معیارات کو عالمی دنیا میں پوری شدت، ٹھوس دلیل، منطق اور شواہد کے ساتھ پیش کرنا ہوگا۔ مسئلہ کا حل جذباتیت پر مبنی پالیسی یا محض ردعمل پر مبنی نہیں ہونا چاہیے بلکہ ہمارے عمل اور اقدام سمیت حکمت عملیوں میں بھارت کے مقابلے میں زیادہ وسعت اور گہرائی ہونی چاہیے۔ پاکستان میں موجود عالمی دنیا کے سفیروں کو بریف کرنا ہوگا کہ موجودہ حالات میں بھارت کا ایجنڈا محض پاکستان مخالفت کی بنیاد پر ہی نہیں بلکہ خطہ سمیت عالمی دنیا کے لیے بھی خطرناک رجحانات کی نشاندہی کرتا ہے۔

پاکستان جو سیاسی اور معاشی بنیادوں پر آگے بڑھنا چاہتا ہے یا خود کو اس علاقائی سیاست میں مستحکم کرنا چاہتا ہے تو اسے سیاسی و سفارتی بنیادوں پر پاکستان کی داخلی، علاقائی اور عالمی سطح پر ایک بڑی سیاسی جنگ لڑنا ہوگی اور یہ جنگ اسی بنیاد پر لڑی جاسکتی ہے جب ہم خود بھی اپنی داخلی سطح پر مضبوط پوزیشن رکھ سکیں گے۔ سیاسی عدم استحکام ہمارا بڑا چیلنج ہے اور اس کو نظرانداز کر کے یا غیر اہم سمجھ کر ہماری آگے بڑھنے کی حکمت عملی ہمیں کوئی موثر نتائج نہیں دے سکے گی۔ اس لیے ہمیں ان حالات میں بطور ریاست اور حکومت خود کو بھی تیار کرنا ہے اور قوم کو بھی تیار کرنا ہے کہ کیسے ہمیں ان چیلنجز سے مقابلہ کرنا ہے۔ اس کے لیے قومی سطح پر ایک بڑے اتفاق رائے کا ماحول درکار ہے اور اس میں سب فریقین کو اپنے اپنے ذاتی اور جماعتی مفادات سے باہر نکل کر ریاست یا ملک کے مفادات کو اہمیت دینا ہوگی۔ اسی حکمت عملی کے تحت ہم بھارت کی پراکسی جنگ میں اس کو پسپائی پر مجبور کر سکتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 30 MAY 2025 Page No.




صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، لیاقت لہڑی، ملک نعیم بازئی و دیگر مقررین ایس ایس ڈی او کے زیراہتمام پاکستان میں غیرقانونی ہجرت اور انسانی اسمگلنگ کی روک تھام سے متعلق منعقدہ صوبائی ڈائیلاگ کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں



صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ اور اراکین صوبائی اسمبلی عبیداللہ گورگیج، فضل قادر مندوخیل، حاجی غلام دستگیر بادینی و دیگر ملاقات کررہے ہیں



ڈپٹی سپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ کی زیرصدارت صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران، پارلیمانی سیکرٹری
عبدالصمد گورگیج، عبدالمجید بادینی، برکت علی رند اور اراکین اسمبلی پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کررہے ہیں